اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف

و

تحفۂ قادریہ (منظوم)

اے خاصۂ خاصانِ رُسل وقتِ دُعا ہے
اُمت پہ تیری آ کے عجب وقت پڑا ہے
فریاد ہے اے کشتیِ اُمت کے نگہبان
بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا ہے

بنا دیتی ہے خاک کو کیمیا
بزرگوں کی صحبت بڑی چیز ہے

نام کتاب	اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف وتحفۂ قادریہ (منظوم)
موضوع	تصوف، تذکرہ بزرگان دین
ترتیب واہتمام	افتخار احمد حافظ قادری
ناشر	بزم غلامانِ غوث اعظمؓ
حسب خواہش	حضرت قاضی رئیس احمد قادری
تاریخ اشاعت	شوال المکرم 1424ھ
	دسمبر 2003ء
تعداد اشاعت	1000 (ایک ہزار)
ہدیہ	-/250روپے

ناشر و ملنے کا پتہ

1- بزمِ غلامانِ غوثِ اعظمؓ

2- آستانۂ عالیہ قادریہ سلطانیہ
ڈھوک قاضیاں شریف/تخت پڑی
روات، راولپنڈی۔

اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف
و تحفۂ قادریہ (منظوم)

دعائے خصوصی

السید محمد خلیفہ الحیزم الحسنی الحسینی

السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی

المدینۃ المنورۃ

باجازت

شہزادہ غوث الثقلین السید محمد انور گیلانی قادری

سجادہ نشین آستانہ عالیہ سدرہ شریف

حسب خواہش

حضرت قاضی رئیس احمد قادری مدظلہ العالی

سجادہ نشین آستانہ عالیہ قادریہ سلطانیہ

ترتیب و اہتمام

افتخار احمد حافظ قادری، 2003ء

اللهم صل وسلم
علی سیدنا محمد
النبی الامی وآلہ
محمد ﷺ کی اُلفت بڑی چیز ہے
خدا دے یہ دولت بڑی چیز ہے

فہرست

صفحہ نمبر	عنوان
7/6	حمد باری تعالیٰ/نعت رسول مقبول ﷺ
8	منقبت ولی کامل حضرت قاضی محمد حسن قادریؒ
9	انتساب کتاب
10	پیش لفظ (بزرگوں کی صحبت)
21/18	تصوف اور اس کی حقیقت/صوفیاء کا عمومی تعارف
22	اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف
64	قاضیان نامہ (فارسی) از ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی
68/66	قطعات تاریخ طباعت کتاب/قطعہ تاریخ وصال
69	حضرت قاضی محمد حسن قادریؒ کی بغداد شریف میں سند بیعت کا عکس
70	تاثرات از سجادہ نشین آستانہ قادریہ سلطانیہ
71	شجرات نسب وطریقت اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف
79	آستانہ ڈھوک قاضیاں شریف میں سالانہ محافل
81	اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف کی رنگین تصاویر
89	کتاب تحفۂ قادریہ
239/238	شجرہ نسب وطریقت حضرت دیوان حضوری

حمد باری تعالیٰ

از حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ

تا ابد یا رب ز تو من لطفہا دارم امید — از تو گر امید برم از کجا دارم امید

ہم فقیرم، ہم غریبم، بیکس و بیمار ناتوان — یک قدح زان شربت دارالشفا دارم امید

نا امیدم از خود و از جملۂ خلقِ جہان — از ہمہ نومیدم لقا از تو ہی دارم امید

ہر کسے امید دارد از خدا و غیر خدا — لیک محی شد کہ از تو من ترا دارم امید

"محی" می گوید کہ خونم من حبیب من بریخت — بعد ازین کشتن ز تو من لطفہا دارم امید

★★★★★★★

۱۔ اے میرے رب کریم میں تجھ سے لطف و کرم کی امید رکھتا ہوں۔ اگر تجھ سے امید نہ رکھوں تو پھر کس سے امید رکھوں۔

۲۔ میں فقیر ہوں، میں غریب ہوں، بے کس اور ناتوان بیمار ہوں، میں آپ کے شفا بخش شربت کے ایک جام کی امید رکھتا ہوں۔

۳۔ میں اپنی ذات اور جملہ مخلوقات سے ناامید ہوں۔ سب سے ناامید ہوں لیکن آپ سے امید رکھتا ہوں۔

۴۔ اے میرے پروردگار ہر شخص تجھ سے تیری اور تیرے علاوہ دوسری چیزوں کی بھی امید رکھتا ہے لیکن میں آپ سے صرف آپ ہی کی ذات کی امید رکھتا ہوں۔

۵۔ محی کہتا ہے کہ میرا خون میرے حبیب نے بہایا ہے۔ اس خون کے بعد بھی اسی کے لطف و کرم کی امید رکھتا ہوں۔

از حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ

نسیما جانب بطحا گزر کن — ہوائے وس محبوباں دے جائیں

ز احوالم محمد ﷺ را خبر کن — میرا احوال حضرت ﷺ نوں سنائیں

توئی سلطان عالم یا محمد ﷺ — کہیں اس بادشاہ نوں یا محمد ﷺ

ز روئے لطف سوئے من نظر کن — میرے ولے کرم دی جھات پائیں

ببر ایں جان مشتاقم در آنجا — ایہہ لے جا جان میری توں مدینے

فدائے روضۂ خیر البشر کن — کریں روضے توں صدقے اس دے جائیں

مشرف گرچہ شد جامی ز لطفش — اگے اٹھا اے جامی نے اوہ جلوہ

خدایا ایں کرم بار دگر کن — خدایا اوہ دوبارہ وی وکھائیں

سیدی یا ابا البتول ﷺ سؤال

من فقیر جوابہ الاعطاء

اے میرے آقا و سردار، سیدۃ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بابا جان صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، ایک فقیر کا سوال ہے جس کا جواب عطا ہے۔

حضرت علامہ یوسف اسماعیل النبہانی رحمۃ اللہ علیہ

منقبت

ولی کامل حضرت قاضی محمد حسن قادریؒ

از فضل الرحمن عظیمی

تو کہ اے قاضی حسن ہے ایک ولی باکمال
کر رہا ہے رحمتیں تجھ پر خدائے ذوالجلال

زندگی تیری درخشاں تھی مثال آفتاب
اور بعد مرگ لطف حق سے ہے تو بہرہ یاب

تو تلاش حق میں ہی ہر آن سرگرداں رہا
ہر گھڑی دشت طلب میں تو جنوں ساماں رہا

عمر بھر تو کاربند اسوۂ حسنہ رہا
پیروئ سنت محبوب حق ﷺ کرتا رہا

تیرا کردار و عمل حکم خدا کا پاسدار
حق نمائی، حق پرستی ہی رہا تیرا شعار

ہو رہی ہے تجھ پہ جو یہ رحمت رب جلیل
در حقیقت یہ ہے تیری حق پرستی کی دلیل

جو قدم اٹھا ترا وہ حق کی خاطر ہی اٹھا
حق کی خاطر ہی جیا تو، حق کی خاطر ہی مرا

تو جیا تو حق کا اونچا نام کرنے کیلئے
تو مرا تو حق پرستی عام کرنے کیلئے

تیرے دل میں دین حق کی تھی محبت اس قدر
مضطرب رہتا تھا پھیلانے میں اس کے بے خطر

اس تڑپ کا مل گیا ہے آج تجھ کو یہ صلہ
حق کی رحمت سے ہوا ہے تو گلشن سے آشنا

عمر بھر خلق خدا کو فیض پہنچاتا رہا
عمر بھر اپنے پرائے کا تو غم کھاتا رہا

بعد مرنے کے بھی لیکن فیض تیرا عام ہے
تیری حق گوئی کے باعث تیرا روشن نام ہے

سینہ ات معمور از حب خدا و مصطفیٰ ﷺ
وقف کردی عمر در پابندئ حکم خدا

اے کہ آرامیدہ در فردوس جان پاک تو
کن درودے می رسانم بر روان پاک تو

اے حسن! اے مرد حق گو، اے فقیر ابن فقیر
از عظیمی بے نوا ایں ہدیۂ الفت پذیر

اولیائے ڈھوک
قاضیاں شریف
و تحفۂ قادریہ

اس کوشش کو

حضرت السید تبسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی

کے نام کرتا ہوں کہ جن کی دعائے خصوصی سے اس ناچیز کو یہ کام کرنے کی توفیق نصیب ہوئی۔

افتخار احمد حافظ قادری

بزرگوں کی صحبت

اے دوست بیا زود بہ مجلسِ رومیؒ

خواہی کہ دلت پر شود از مخزن اسرار

(اگر تو چاہتا ہے کہ تیرا دل اسرار الٰہی کا مخزن بن جائے تو اے دوست بہت جلد حضرت رومیؒ کی مجلس عرفان میں آجا)

اولیائے کرام اور بزرگان دین ہر زمانے میں موجود رہے ہیں اور ہمیشہ موجود رہیں گے۔ بلکہ شیخ اکبر حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ فتوحات مکیہ کی جلد دوئم میں یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہر زمانے میں اولیاء اللہ میں ایک ولی ایسا بھی ہوتا ہے جو قرآن پاک کی اس آیت "**وهو القاهر فوق عباده** " کے مطابق ہر چیز پر غالب اور متصرف ہوتا ہے۔

ایک مرتبہ کسی نے حضرت شیخ ابو عبداللہ الساجیؒ سے دریافت فرمایا کہ اولیاء اللہ کو کس طرح پہچانا جاسکتا ہے۔ آپؒ نے فرمایا کہ جس شخص میں یہ صفات حمیدہ (زبان کی لطافت اور نرمی، حسن اخلاق، کشادہ روئی، خندہ پیشانی، خلق خدا سے شفقت و محبت سے پیش آنا اور دنیاوی حرص ولالچ سے دوری) موجود ہوں وہ اللہ کا ولی ہوتا ہے۔ اس ضمن میں حضور غوث الثقلین سیدنا شیخ عبدالقادر گیلانیؒ کا ارشاد مبارک ہے کہ حقیقی صوفی وہ ہے کہ جس نے اپنا ظاہر و باطن کلام اللہ اور سنت رسول ﷺ کی متابعت میں کرلیا ہو۔ ایک اور بزرگ کا فرمان ہے کہ صوفی یا ولی وہ ہے جو طمع نہ کرے، جمع نہ کرے اور منع نہ کرے۔ تاجدار قونیہ شریف حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ پیر وہ ہے جو کہ راستہ دکھلا دے، ایسا راستہ کہ جس پر چلیں تو بادشاہ (اللہ تبارک وتعالیٰ) کے دروازے تک پہنچ جائیں۔

پیر آن باشد کہ بنماید رہے

راہ آن باشد کہ پیش آید شہے

حضرت خواجہ خواجگان حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ فرماتے ہیں کہ نیکوں کی صحبت

میں بیٹھنا نیکی کرنے سے زیادہ بہتر ہے اور بروں کی صحبت میں بیٹھنا گناہ کرنے سے زیادہ نقصان دہ ہے۔ اس نکتہ کو حضرت مولانا رومؒ نے اس طرح بیان فرمایا ہے کہ

صحبت صالح ترا صالح کند

صحبت طالح ترا طالح کند

حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ خود فقیروں اور درویشوں کی خدمت میں حاضری دیتے، حضرت امام شافعیؒ جب بیمار ہوتے تو سیدہ نفیسہؒ کی خدمت میں حاضری دیتے۔

حضرت شیخ فرید الدین نیشا پوریؒ فرماتے ہیں کہ قرآن پاک اور حدیث نبویؐ کے بعد کوئی کلام بھی مشائخ عظام کے کلام سے بڑھ کر بہتر و افضل نہیں۔ کیونکہ ان کا کلام حال کا نتیجہ ہوتا ہے۔ حضرت رومیؒ فرماتے ہیں

چون شدی دور از حضور اولیاء

در حقیقت گشتہ دور از خدا

(اگر تو عارفان حق کی صحبت سے دور ہو گیا تو پھر اچھی طرح سمجھ لے، کہ در حقیقت تو اللہ تعالیٰ سے دور ہو گیا)

چون تو پیوندی بداں شہ شہ شوی

ذرہ باشی ولیکن مہ شوی

(کہ جب تو اس بادشاہ یعنی مرشد کامل سے جا ملا تو سمجھ لے کہ اب تو بھی بادشاہ بن جائے گا۔ اگرچہ ذرہ کی مانند حقیر ہے لیکن ان کی برکت صحبت سے چمکتا ہوا چاند بن جائے گا)

امیر تیمور گورگان جس طرح مشائخ عظام اولیاء کرام کا احترام کرتا تھا اس کی تفصیل تاریخی کتب میں موجود ہے لیکن وہ جب کسی شہر یا بستی کو فتح کرتا تو سب سے پہلے وہاں کے مشائخ اور مزارات مبارکہ کی زیارت کیلئے حاضر ہوتا، اور ان آستانوں پر نہایت عجز و انکساری کے ساتھ اپنی عقیدت کا اظہار کرنے کے ساتھ ساتھ ان سے استمداد بھی کرتا۔

قلندر لاہوری و عاشق رسول ﷺ حضرت علامہ محمد اقبالؒ کا بھی یہ معمول تھا کہ وہ لاہور میں اور لاہور سے باہر بھی بزرگان دین کے مزارات مبارکہ پر حاضری دینے کے علاوہ اپنے اردو اور فارسی کلام میں ان عظیم شخصیات کو نذرانہ عقیدت بھی پیش کرتے۔ حضرت علامہ اقبالؒ نے حضور داتا گنج بخشؒ کی بارگاہ میں جس طرح اپنا ہدیہ عقیدت پیش کیا اس کے ایک ایک لفظ اور ایک ایک جملے سے آپ کی شدید محبت اور عقیدت کا اظہار ہوتا ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں۔۔

سیدِ ہجویر مخدومِ امم مرقدِ او پیرِ سنجر را حرم

عہدِ فاروقؓ از جمالش تازہ شد حق ز حرفِ او بلند آوازہ شد

خاکِ پنجاب از دمِ او زندہ گشت صبحِ ما از مہرِ او تابندہ گشت

علامہ محمد اقبالؒ کو حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ سے اس قدر الفت اور محبت تھی کہ انہیں اپنا روحانی مرشد اور پیر مانتے۔ ان کی بارگاہ میں اپنا ہدیۂ عقیدت اس طرح پیش فرماتے ہیں۔۔

پیرِ رومیؒ مرشدِ روشن ضمیر کاروانِ عشق و مستی را امیر

نورِ قرآن درمیانِ سینہ اش جامِ جم شرمندہ از آئینہ اش

پیرِ رومیؒ خاک را اکسیر کرد از غبارم جلوہ ھا تعمیر کرد

نکتہ ھا از پیرِ رومؒ آموختم خویش را در آتشِ او سوختم

بزرگوں کی خدمت میں حاضری کا طریقہ

بزرگان دین اور مشائخ عظام کی خدمت میں حاضری دینے کے طریقے واضح ہیں۔ طوالت سے بچنے کیلئے حضرت جامیؒ کے ایک واقعہ کی طرف اشارہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں:۔

اے دوست بیا زود بہ خمخانہ جامیؒ
از حب نبی ﷺ گر طلبی سینہ سرشار

(اگر تو چاہتا ہے کہ حُبِّ نبی ﷺ میں تیرا دل سرشار ہو جائے تو اے دوست بہت جلد حضرت جامیؒ کی محفلِ عشق و محبت میں آ ۔)

عظیم عاشقِ رسول ﷺ حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ ھرات کے قریب ایک گاؤں "جغارہ" میں حضرت شیخ بہاؤالدین عمرؒ کی خدمت میں بغرضِ ملاقات حاضر ہوا، وہاں پر شہر سے کچھ اور لوگ بھی آئے ہوئے تھے۔ حضرت شیخؒ کا یہ طریقہ تھا کہ جو بھی شہر سے آتا، ہر ایک سے الگ الگ پوچھتے کہ تم شہر سے کیا خبر لائے ہو۔ ہر کوئی جواباً کچھ نہ کچھ عرض کر دیتا۔ حضرت جامیؒ فرماتے ہیں کہ جب میری باری آئی تو انھوں نے مجھ سے بھی پوچھا کہ تم کیا خبر لائے ہو۔ میں نے کہا کچھ نہیں۔ فرمایا راستے میں کیا دیکھا، میں نے عرض کیا کچھ بھی نہیں دیکھا اس کے بعد وہ تمام حاضرین سے مخاطب ہوئے اور فرمایا "کہ جو کوئی بھی درویش کے پاس آئے تو اسے ایسے آنا چاہیے کہ نہ تو اسے شہر کی خبر ہو اور نہ ہی وہ راستے میں کسی شے پر دھیان دے" جس کے بعد آپ نے حضرت شیخ سعدیؒ کا یہ شعر پڑھا ؎

دلارامی کہ داری ' دل در او بند

دگر چشم از ہمہ عالم فرو بند

(کہ تجھے صرف اور صرف اپنے محبوب کی طرف متوجہ ہونا چاہیے اور اس کے بعد اپنی آنکھ کو ساری دنیا سے بند کر لے)

اور حضرت مولانا رومؒ نے اس موضوع کو اس طرح بیان فرمایا ہے کہ ؎

صد کتاب و صد ورق در نار کن

دیدہ و دل جانبِ دلدار کن

(سینکڑوں کتابوں اور اوراق کو نذرِ آتش کر دے اور اپنے دیدہ دل کو اپنے دوست حقیقی کی طرف متوجہ رکھ)

مذکورہ بالا واقعہ کی روشنی میں ہمیں غور کرنا ہوگا کہ کیا ہم واقعی اسی طرح اپنے مشائخ اور بزرگوں کی خدمت میں حاضری دیتے ہیں یا ہمارے تمام افعال واقوال اس کے برعکس ہیں؟

قارئین! آج کے اس افراتفری اور بے سکونی کے پرفتن کے دور میں اس بات کی اشد

ضرورت ہے کہ ہم اپنے اسلاف اور بزرگان دین کی زندگیوں، ان کے عملی کارناموں اور روحانی تصرفات کا مطالعہ کریں، اولیاء و صالحین کی صحبت اختیار کریں کیونکہ نیک لوگوں کی صحبت میں ایک گھڑی بیٹھنا ایک سو سال کی عبادت و ریاضت سے بہتر ہے۔ بقول پیر رومیؒ ؎

صحبت نیکاں اگر یک ساعت

بہتر از صد سالہ زہد و طاعت

اور پھر اس رحمت و برکت سے بھی مستفید ہو گئے جو ان نیک لوگوں کی مجالس پر نازل ہوتی ہے۔

قارئین سچائی جزوِ ایمان ہے۔ اور اس کا انسان کی تکمیلِ شخصیت پر گہرا اثر ہوتا ہے۔ اسی لئے جب سیدنا شیخ عبدالقادر گیلانیؒ سے پوچھا گیا کہ آپ نے اپنے اصولوں کی بنیاد کس چیز پر رکھی تو آپؒ نے ارشاد فرمایا کہ "سچائی پر"۔

نیک اور سچے لوگوں کی صحبت اختیار کرنے کیلئے قرآن پاک کی یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ

"اے ایمان والو اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور نیک اور سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ"

اور پھر جب ان اللہ والوں کے بتائے ہوئے طریقوں پر عمل کرنے کی بھی اگر صدقِ دل سے کوشش کریں گے تو انشاء اللہ ہماری زندگی میں بھی ضرور تبدیلی آئے گی اور سکون کی زندگی نصیب ہو جائے گی۔

قارئین کرام اس مختصری تمہید کے بعد عرض ہے کہ کچھ عرصہ قبل آستانہ عالیہ قادریہ سلطانیہ کے سجادہ نشین محترمی و معظمی جناب قاضی رئیس احمد قادری مدظلہ العالی نے اس بندہ سے ایک ملاقات کے دوران اپنی اس خواہش کا اظہار فرمایا کہ میرے جدِ امجد حضرت قاضی احمد حقؒ نے تقریباً ایک صدی قبل منشی الٰہی بخش کی حضرت دیوان حضوریؒ کے احوال و آثار و مناقب پر مشتمل پنجابی منظوم تصنیف بنام "تحفۂ قادریہ" دہلی سے شائع کروائی تھی۔ اب اسی تصنیف کو دوبارہ شائع کروانا چاہتا ہوں۔ جس پر اس ناچیز نے حضرت قاضی صاحب سے عرض کیا کہ ابھی تک اس

آستانہ کے متعلق کوئی مطبوعہ چیز سامنے نہیں آئی۔ کیا ہی اچھا ہو کہ اس آستانہ کے بزرگوں کے مختصر احوال و آثار بھی کتاب کے شروع میں دے دیے جائیں۔ جس پر حضرت قاضی صاحب نے بندہ کی تجویز سے اتفاق کیا اور یوں اس کتاب کو ترتیب دینے اور رنگین تصاویر سے مزین کرنے کی سعادت اس ناچیز کے حصہ میں آئی۔

بحمد اللہ زیرِ نظر کتاب **"اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف"** زیورِ طباعت سے آراستہ ہو کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ یہ ان بزرگوں کے احوال پر کوئی مکمل کتاب نہیں بلکہ اس میں صرف ان بزرگوں کا مختصر تعارف ہے اور در حقیقت یہ ابتداء ہے اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف کی تعلیمات کو اجاگر کرنے اور ان کے احوال و آثار عام کرنے کی طرف پہلا قدم۔ یہ ایک ایسا موضوع ہے کہ مستقبل قریب میں اس پر بہت زیادہ کام کر کے ایک مکمل **"تذکرۂ اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف"** منظرِ عام پر لایا جا سکتا ہے۔ اس بندۂ **ناچیز** نے تو صرف آستانہ عالیہ کے مریدین، متوسلین اور عقیدت مندوں کو اس اہم موضوع کی طرف توجہ مرکوز کروانے کیلئے ایک چھوٹی سی کوشش کی ہے۔ میری گذارش ہے کہ آپ تمام حضرات آگے بڑھیں اور ان اولیائے صالحین کی تعلیمات اور ملفوظاتِ مبارکہ کو عام کرنے کیلئے قاضی صاحب کے ساتھ مل جل کر خلوصِ دل سے اس کام کو آگے بڑھانے کی کوشش کریں۔ دعا ہے کہ یہ مختصر کام ان بزرگوں کے ہاں شرفِ قبولیت پا جائے اور ان کے فیض سے ہم سب مستفیض ہوتے رہیں۔

کتاب مذکورہ کی تکمیل میں جن احباب نے بھی کسی طور رہنمائی یا معاونت فرمائی، یہ بندہ صدقِ دل، خلوص و محبت سے ان تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہے لیکن چند شخصیات کا فرداً فرداً شکریہ ادا کرنا بھی ضروری سمجھتا ہے۔

مدینہ منورہ میں اپنے مرشد حضرت السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی کا تہ دل سے

شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنھوں نے مسجد نبوی ﷺ میں اس کام کی تکمیل کیلئے خصوصی دعائیں فرمائیں۔ پیر طریقت شہزادہ غوث الثقلین حضرت سید محمد انور گیلانی قادری مدظلہ العالی کا بھی مشکور ہوں کہ جنھوں نے اس کام کی تکمیل کیلئے اس ناچیز پر خصوصی توجہ فرمائی۔ عظیم محقق و نامور اسکالر مشہور زمانہ ایرانی نژاد فارسی شاعر ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی اور عظیم و معروف نعت گو شاعر و تاریخ گو شخصیت محترمی عبدالقیوم طارق سلطانپوری بھی میرے خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں کہ جنھوں نے اپنی گوناگوں مصروفیات کے باوجود کتاب ھذا کیلئے منظوم قطعات وقصائد رقم فرمائے۔ اسی طرح آستانہ عالیہ کے سجادہ نشین قاضی صاحب کا تہہ دل سے ممنون ہوں کہ اس کام کے دوران جن کی راہنمائی اور دعائیں ہمہ وقت اس ناچیز کے ساتھ رہیں اور کتاب مذکورہ پر اپنے تاثرات کا بھی اظہار فرمایا۔ کتاب میں موجود معلومات حضرت قاضی صاحب نے خود فراہم فرمائی ہیں۔ اسی طرح قاضی طارق محمود صاحب کھوڑہ، قاضی فاروقی صاحب (اراضی شریف) محمد علی اصغر، لالہ عبدالمجید، تنویر احمد، محمد فاروق، ناصر محمود اور خالد محمود کا بھی شکر گذار ہوں اگر میں کپوزر حضرات کا شکریہ ادا نہ کروں تو یہ بھی زیادتی ہوگی۔ اس لئے محترمی سید شاہد محمود شاہ، سہیل قمر، محمد شبیر خان اور عاطف اقبال کا بھی تہہ دل سے مشکور ہوں۔

آستانۂ عالیہ کے حوالے سے اس کی عظیم وضخیم لائبریری کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں۔ گو کہ اس لائبریری کی بنیاد حضرت قاضی صاحب کے جدِ امجد نے رکھی تھی بعد میں آپ کے والد محترم نے بھی اس میں کتابوں کا اضافہ فرمایا۔ لیکن جب آستانہ کی ذمہ داری قاضی صاحب کے کندھوں پر آ پڑی تو پھر آپ نے اس لائبریری کو چار چاند لگوا دیے۔ دنیا کے ہر خطے سے ہر زبان اور موضوع پر کتابیں اکٹھی کیں۔ ان میں تفسیر، حدیث، سیرت، مدینہ شناسی، تاریخ، فقہ، تصوف وغیرہ غرضیکہ مختلف علوم وفنون پر کتابیں موجود ہیں جو عربی، فارسی، اردو، پنجابی اور انگریزی زبانوں میں ہیں۔ یہاں صرف اندرون ملک سے شائع ہونے والی کتابیں نہیں بلکہ مکہ معظمہ، مدینہ منورہ، مصر، بیروت، امریکہ، برطانیہ، ایران اور دیگر غیر ممالک کی مطبوعات بھی یہاں موجود ہیں۔ اس لائبریری کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ یہاں قرآن کریم کے قلمی نسخے اور تقریباً

درجن بھر مخطوطات بھی ہیں۔ قرآنِ کریم کا ایک قلمی نسخہ تین سو سال سے زیادہ پرانا ہے اور محفوظ چلا آ رہا ہے۔ علاوہ ازیں مذکورہ لائبریری میں دینی موضوعات پر خاصی تعداد میں آڈیو، وڈیو اور سی ڈی کیسٹیں بھی موجود ہیں۔ آپ کو یہ جان کر انتہائی خوشی ہو گی کہ اب اس میں کتابوں کی تعداد 10,000 سے بھی تجاوز کر گئی ہے۔ جسمیں کئی قلمی نسخے 400 سال پرانے موجود ہیں۔ کتاب کی تکمیل کے دوران قادریہ سلطانیہ لائبریری کی فہرست سازی کا کام بھی مکمل ہوا۔ اس فہرست کی تکمیل پر محترمی محمد شریف کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان کے ہمراہ کام کرنے والے تمام احباب بالخصوص محترمی چوہدری نور محمد، ملک محمد عمران، محمد کامران، محمد وقاص، محمد عمران، محمد ارشد، ظفر محمود اور منیر مغل صاحب میرے خصوصی شکریے کے مستحق ہیں۔

اللہ تبارک تعالیٰ ان سب کو اور آستانہ کے جملہ مریدین اور عقیدت مندوں کو شاد و آباد رکھے اور وہ سدا مسکراتے رہیں اور قاضی محمد رئیس احمد قادری صاحب کا سایہ تا دیر ان سب کے سروں پر قائم دائم رہے اور یہ آستانہ یوں ہی علم و ادب کی خوشبو بکھیرتا رہے۔

یا ربّ العالمین ان بزرگانِ دین جن کا ہم نے ذکر کیا اور آگے کریں گے ان سب کے وسیلہ جلیلہ سے ہم سب پر بھی رحم فرما اور اس نظرِ خاص سے ہمیں محروم نہ رکھنا جو ان بزرگوں پر رہتی ہے۔

آمین بحق سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کہنا صبا حضور ﷺ سے کہتا ہے ایک غلام
بس اک نظر ہو ایک نظر کا سوال ہے

نگاہے یا رسول اللہ ﷺ نگاہے

والسلام علیکم ورحمت اللہ وبرکاتہ

آپ کی دعاؤں کا طالب

الفقیر الی اللہ ورسولہ

افتخار احمد حافظ قادری

تصوف اور اس کی حقیقت

علامہ سید محمد ذاکر حسین شاہ چشتی سیالوی نے اپنی تصنیف "المصطفیٰ والمرتضیٰ المعروف تذکرہ چشتیہ قدسیہ" (مطبوعہ ضیاء القرآن پبلیکیشنز، لاہور) میں تصوف کی تعریف کرتے ہوئے یوں تحریر فرمایا ہے۔

"ہم سمجھتے ہیں کہ انسانیت کی تکمیل صرف اور صرف اتباع رسول اقدس ﷺ ہی میں ہے قرآن وسنت کا یہی ارشاد ہے، اجماع امت کا یہی فیصلہ ہے اور قیاس سلیم کا یہی تقاضا ہے۔ اتباع سنت سے مراد سید کل ختم الرسل علیہ السلام کے اعمال وافعال کو ہو بہو مقدور بھر نقل کرنا ہے تو تصوف کی تعریف یہ ہوگی" تا حیات سید کل علیہ السلام کے اعمال وافعال کی نقل اتارنے کی کوشش میں رہنا" اسی جدو جہد کا ثمرہ محبت خداوندی کا ملنا ہے۔ قرآن حکیم نے اسے "یحببکم اللہ" کے جاں بخش الفاظ سے تعبیر فرمایا ہے اور سرکار رسالت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ" گویا تو اللہ کریم کو دیکھ رہا ہے اور اگر تو اس ذات اقدس کا مشاہدہ نہیں کر رہا تو اس کی نگاہ پاک تو تجھے دیکھ رہی ہے"..... کے مقدس جملے میں اس راحت بخش، روح افزا کیفیت کا اظہار باوقار فرمایا ہے۔

جب مدار تصوف اعمال محمدی ﷺ کی نقل کرنا قرار پایا تو ضروری ٹھہرا کہ سرکار ابد قرار علیہ السلام کی اداؤں کو انسانیت میں بانٹنے کا اہتمام کیا جائے یہی وہ چیز ہے، جسے خدمت انسانیت، اصلاح معاشرہ اور بشریت کی کامرانی کہا جاتا۔

اولیائے کرام نے دکھی انسانیت کی خدمت کی، وہ مسند پر بیٹھے تو سرکار علیہ السلام کی محفل اقدس کا نقشہ کھینچ دیا۔ ان کی محافل میں انوار محمدی اور اخلاق احمدی یوں بٹے کہ ساری انسانیت ان سے فیض یاب ہوئی۔"

آگے چل کر آپ یوں فرماتے ہیں۔

"طریقت نام ہی مخلوق کی خدمت کا ہے۔ ان حضرات میں وہ اپنائیت ہوتی ہے کہ

دیکھنے والا انہیں اپنی روح کے قریب پاتا ہے۔ ان کے آستانوں کو اپنا گھر یقین کرتا ہے ان کے انفاسِ قدسیہ کی گرمی سے عمل میں تیزی آتی ہے وہ سب کے ساتھ جس حسن سلوک کا محمدی برتاؤ کرتے ہیں، اس میں بلا کی کشش ہوتی ہے۔ محبت کے ستارے ان کی تاثیر بخش شمسی شعاؤں سے وابستگی ہی اپنے لئے معراجِ کمال تصور کرتے ہیں"۔

آپ مزید فرماتے ہیں۔

"اولیاء امت حضور سید المرسلین ﷺ کے نمائندے ہیں۔ یہ نمائندگی تبھی ہو سکتی ہے کہ قرآن و سنت پر وہ خود عمل پیرا ہوں اور قوم کو قرآن و سنت کی طرف دعوت دیں۔ اولیاء گرامی نے یہی کچھ کیا ہے"۔

حضرت امام غزالی اپنی سرگزشت "**المنقذ من الضلال**" میں فرماتے ہیں۔

"ان الصوفیة هم السالکون بطریق الله خاصة وان سیرتهم احسن السیر و طریقهم اصوب الطرق واخلاقهم ازکی الاخلاق بل لو جمع عقل العقلاء و حکمة الحکماء و علم الواقفین علی اسرار الشرع من العلماء لیغیروا شیئا من سیرهم و اخلاقهم و یبدلوه بما هو خیر منه لن یجدوا الیه سبیلا فان جمیع حرکاتهم و سکناتهم فی ظاهرهم و باطنهم مقتبسة من نور مشکوٰة النبوة و لیس وراء النبوة علی وجه الارض نور یستضاء بها"

ترجمہ:-

صوفیاء کرام کا گروہ ایسا گروہ ہے جو خالصتاً اللہ تعالیٰ کی راہ پر چل رہا ہے ان کی سیرت بہترین اور ان کا طریق عمل راہِ صواب سے قریب تر ہے۔ اخلاق کا یہ عالم کہ پاکیزگی کا نمونہ اور اس حد تک کہ اگر تمام عقلاء اور حکماء کی عقل و حکمت کو جمع کر لیا جائے اور واقفان اسرار شریعت کے علم کو یکجا کر لیا جائے تاکہ صوفیاء کی سیرت و اخلاق کو بہتر سیرت اور اخلاق سے تبدیل کیا جا سکے تو اس کی کوئی سبیل نظر نہ آئے کیونکہ ان کی تمام حرکات و سکنات ظاہر و باطن میں نورِ مشکوٰۃ نبوت سے

مستفیض ہیں اور نورِ نبوت سے بڑھ کر کوئی نور روئے زمین پر اس لائق نہیں کہ اس سے روشنی حاصل کی جاسکے"۔

آج کل بزرگوں کی حسّی کرامات پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے۔ اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف کی زندگیوں میں ہمیں بے شمار ایسی ہی کرامات نظر آتی ہیں لیکن ہم نے ان میں سے محض چند ایک کے ذکر پر اکتفاء کیا ہے۔ ہم نے ان اکابر کے طریق زندگی اور ان کے مشن کو اجاگر کرنے پر پوری توجہ مرکوز کی ہے۔ اس کتاب میں ان بزرگوں کے مختصر سے پیش کردہ تعارف کا اگر تجزیہ کیا جائے تو یہ تمام نفوسِ قدسیہ مندرجہ بالا معیار پر پورا اترتے نظر آتے ہیں۔

الحاج فقیر عزّت شاہ وارثی، جنہوں نے ان اولیائے کرام کو انتہائی قریب سے دیکھا اور ان کی صحبتوں سے مستفیض بھی ہوئے، بجا فرماتے ہیں کہ ایک زمانہ تھا جب کہ تصوف کا ایک بحرِ بے کراں ان بزرگوں کی حسین و جمیل زندگیوں کی صورت میں ڈھوک قاضیاں سے ہو کر گزرا ہے۔ ان بزرگوں کی مساعیٔ جمیلہ کے فیضان کے نتیجہ میں آج بھی یہ آستانہ علاقے میں ایک زندہ اور فعّال روحانی مرکز کے طور پر کام کر رہا ہے۔ یہاں درس و تدریس کا سلسلہ بھی جاری ہے اور افراد کو روحانی تربیت بھی دی جا رہی ہے۔ اس مرکز کی اصلاحی کوششوں کے نتیجے میں علاقہ میں دور دور تک لوگوں کو فضول رسوم و رواج اور خرافات سے نجات ملی ہے، بے شمار گم کردہ راہ نوجوانوں کی زندگیاں انقلاب آشنا ہوئی ہیں۔ اگر بداعمالیوں کی خزاں زوروں پر ہے تو یہاں اصلاح کی بہاروں کو بھی اسی طرح تیزی کے ساتھ پھیلانے کی کامیاب کوششیں کی جارہی ہیں۔ بالیقین یہ کہا جا سکتا ہے کہ ظلمات میں کھو جانے والے معاشرے میں یہ مرکزِ نور و عرفان بارگاہِ غوثیت کے فیضان کے نتیجے میں اجالوں کا نقیب بن کر سامنے آئے گا۔

صوفیا کا عمومی تعارف

اولیاء کرام اور صوفیاءعظام وہ برگزیدہ اشخاص ہیں، جنھوں نے رسول کریم ﷺ کے لائے ہوئے دین کی خدمت کو اپنا مقصدِ زندگی بنایا۔ اللہ تعالیٰ حضور ﷺ سے یوں خطاب فرماتا ہے: قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ (یعنی آپ کہہ دیجیے کہ اگر تم (واقعی) اللہ پاک سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو۔ اسی فرمان کی تعمیل کرتے ہوئے اولیاء کرام نے اپنی تمام تر زندگیاں اتباعِ رسول (ﷺ) میں بسر کر دیں۔ پھر انھوں نے اسی پر بس نہیں کیا بلکہ جا بجا روحانی مراکز قائم کیے جو لوگوں کی اصلاح کے لیے تربیتی مراکز کے طور پر خدمات انجام دے سکیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جو زندگی بھر جادۂ مستقیم پر گامزن رہے۔ انھی لوگوں کی راہوں پر چلنے کی توفیق ہم بار بار اللہ تعالیٰ سے " اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ " کے خوبصورت الفاظ کی وساطت سے طلب کرتے ہیں۔ یہی انعام یافتہ لوگ ہیں جن کی جانب اشارہ کرتے ہوئے قرآن کریم میں کہا گیا ہے " وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ " یہی وہ قدسی صفات لوگ ہیں، جن کی جانب " وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا " کے الفاظ میں اشارہ کرتے ہوئے توجہ دلائی گئی ہے کہ یہی لوگ اس قابل ہیں کہ انھیں اپنا رفیقِ سفر بنایا جائے، ان کی صحبتوں میں آیا جائے، ان سے نسبت استوار کی جائے۔ انھی ہستیوں کی جانب رجوع کرنے کا حکم یوں بھی ہوتا ہے کہ " وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ (اور تو اس کے راستے پر چل، جو میری طرف متوجہ ہوا) یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کی جانب متوجہ ہو گیا اس شخص کے نقوشِ پا پر چلنا ہی مطلوب و مقصود ہے۔ انھی نقوشِ قدسیہ کے بارے میں حکم ہے کہ " يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ " یہی وہ لوگ ہیں جو " لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ کی تعمیل کرنے والے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو " مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا کی تعمیل میں اپنے تمام تر ظاہری اور باطنی حالات اور

معاملات کو رضائے مصطفیٰ (ﷺ) کے سپرد کرتے نظر آتے ہیں۔ انہی لوگوں کے فیضانِ نظر اور حُسنِ تربیت سے لاکھوں انسان سیراب ہوئے اور آج بھی فیضیاب ہو رہے ہیں۔ انہی کے چہرہ ہائے زیبا میں حُسنِ ذاتِ الٰہیہ کے انوار و تجلیات نظر آتے ہیں اور انہی کی زندگیوں میں اُسوۂ مصطفیٰ (ﷺ) کے اثرات نظر آتے ہیں۔ **"اولیاء ڈھوک قاضیاں شریف"** کا شمار بھی انہی مردانِ کامل میں ہوتا ہے، جن کا ذکرِ خیر یہاں مقصود ہے۔

اولیاء ڈھوک قاضیاں شریف کے اکابر

اولیاء ڈھوک قاضیاں شریف کے اکابر آج سے تقریباً چار صدیاں پیشتر سوھدرہ ضلع شیخوپورہ سے پرگنہ اکبر آباد کے پایۂ تخت بنام تخت پڑی میں تشریف لائے۔ ایک اور روایت کے مطابق یہ بزرگ دہلی سے براہِ راست تخت پڑی تشریف لائے تھے یہ گکھڑوں کا عہدِ حکومت تھا۔ سلیمان شکوہ عہدۂ قضاء پر فائز ہوئے اور **"عالم سلیمان"** کہلائے۔ پھر ان کے بیٹے حضرت قاضی فتح محمد رحمتہ اللہ علیہ اس عہدہ پر فائز ہوئے۔ پھر ان کے فرزند حضرت قاضی نور محمد رحمتہ اللہ علیہ اور یکے بعد دیگرے ان کی اولاد کے افراد عہدۂ قضاء پر فائز رہے۔ آپکے پڑپوتے حضرت قاضی ھدایت اللہ رحمتہ اللہ علیہ مادرزاد ولی تھے۔ آپ پوٹھوار کے آخری گکھڑ تاجدار راجہ مقرم خان المعروف سلطان مقرب خان کے استادِ محترم بھی تھے۔ اسی دور میں آپ کے پڑوس میں آباد سادات علوی کے ایک گھرانے میں حضرت شاہ نہال الدین رحمتہ اللہ علیہ کے ہاں محبوبِ غوثِ اعظمؒ سید محمد عبداللہ شاہ المعروف حضرت دیوان حضوری رحمتہ اللہ علیہ کی ولادت ہوئی۔ **"تحفہ قادریہ"** کے مصنف جناب منشی الٰہی بخش اور **"تذکرۂ حضرت دیوان حضوری"** کے مصنف سید خلیل احمد شاہ صاحب کی روایات کے مطابق 29 شعبان 974ھ کی شام آسمان ابر آلود ہونے کی بناء پر رمضان کا چاند نظر نہ آیا۔ جسکی وجہ سے لوگ پریشان تھے۔ رات اسی پریشانی کے عالم میں بسر ہوئی۔ دوسری صبح کچھ لوگ ایک ولیِ کامل کے پاس حاضر ہوئے اور مشورہ طلب کیا اس مردِ ولی نے کہا کہ آج رات شاہ نہال الدین کے گھر اللہ کے فضل و کرم سے

ایسا بچہ پیدا ہوا ہے، جو پیدائشی ولی ہے۔ اس بچے کی ماں سے پوچھو کہ بچے نے آج والدہ کا دودھ پیا ہے یا نہیں۔ اگر پیا ہے تو شعبان کا دن سمجھا جائے، ورنہ روزہ ہوگا۔ لوگوں کے استفسار پر پتہ چلا کہ بچے نے سحری کے وقت دودھ پیا تھا اور اس کے بعد والدہ کی کوشش بسیار کے باوجود بچے نے دودھ نہیں پیا۔ مشورہ دینے والے مرد فقیر حضرت قاضی ھدایت اللہ رحمۃ اللہ علیہ تھے۔ چنانچہ آپ نے فوراً اعلان کرا دیا کہ آج روزہ ہے۔ بعد میں دوسرے علاقوں سے بھی رمضان کا چاند نظر آنے کی تصدیق ہو گئی۔ بعد میں ادھر اُدھر رشتے ہونے کی بناء پر حضرت قاضی ھدایت اللہؒ اور حضرت دیوان حضوریؒ ہر دو اولیاء کرام کے خاندان باہم ایک برادری میں منسلک ہو گئے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ حضرت دیوان حضوری رحمۃ اللہ علیہ تخت پڑی سے اپنے والدین کریمین کے ھمراہ چکڑالی، تحصیل گوجرخان تشریف لے گئے۔ آپ کے والدین کی قبور پُر انوار چکڑالی کے نواحی قبرستان میں اب بھی زیارت گاہِ خاص و عام ہیں۔ اپنے والدین کی وفات کے بعد آپ بھنڈور کی طرف روانہ ہو گئے۔ اس وقت بھنڈور پانچ موہڑوں پر مشتمل تھا اور حضرت دیوان حضوریؒ نے موہڑہ کسوالاں میں رہائش اختیار فرمائی۔ آج کل بھنڈور شریف، تحصیل سوہاوہ، ضلع جہلم میں ہے اور اب بستی کو **" دیوان حضوری "** کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

حضرت قاضی غیاث الدین رحمۃ اللہ علیہ

ادھر جب زمامِ اقتدار گکھڑوں کے ہاتھ سے نکل کر سکھوں کے ہاتھوں میں آ گئی تو ان کی رجمنٹوں نے اپنے زیر اثر علاقوں میں تباہی و بربادی کا بازار گرم کر دیا۔ تخت پڑی کا علاقہ بھی اس بدامنی سے بچ نہ سکا۔ حضرت قاضی ھدایت اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا بھی سارا خاندان تخت پڑی سے ہجرت کر کے مختلف علاقوں میں رہائش پذیر ہو گیا۔ انہی حضرت قاضی ھدایت اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے حضرت قاضی غیاث الدین ابن قاضی محمد حنیفؒ اپنی ایک ہمشیرہ صاحبہ اور دو صاحبزادوں حضرت قاضی محمد محسنؒ (متوفی 8 شوال 1262ھ) اور حضرت قاضی محمد حسن کو ھمراہ لے کر چھکی شریف (ضلع پشاور) چلے گئے۔ وہاں آپ نے دوسری شادی کی اور مستقل سکونت

حضرت قاضی محمد حسن قدس سرہٗ کے صاحبزادے حضرت حافظ رکنِ عالم جہلمی رحمۃ اللہ علیہ (1242ھ — 13 ربیع الاول 1317ھ / 23 جولائی 1899ء) حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی قدس سرہٗ کے خلیفہ تھے۔ آپ کے صاحبزادے حضرت قاضی محمد عطاء رحمۃ اللہ علیہ اور پوتے حضرت قاضی محمد یوسف رحمۃ اللہ علیہ کو دربارِ حضرت سلطان باھو قدس سرہٗ سے خلافت حاصل تھی۔ قاضی محمد یوسف کے برادرِ اکبر قاضی محمد رشید عالم المعروف فقیر اکمل شاہ وارثی رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت سیدنا وارث علی شاہ قدس سرہٗ سے نسبتِ وارثیہ حاصل تھی۔

وہیں اختیار کرلی۔

حضرت قاضی محمد محسن (الدین؟)

اور حضرت قاضی محمد حسنؒ

کچھ عرصہ بعد حضرت قاضی غیاث الدین کے دونوں صاحبزادگان چکی شریف سے اپنے ننھیال بشندوٹ شریف، تحصیل کہوٹہ تشریف لے آئے۔ یہاں سے کچھ عرصہ بعد حضرت قاضی محمد حسن سنگھوئی شریف، تحصیل جہلم چلے گئے۔ ان کی اولاد آج بھی وہیں آباد ہے انہیں مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دور میں سنگھوئی کا قاضی القضاۃ مقرر کیا گیا۔ آپ ہی کی اولاد میں سے حضرت حاجی وارث علی شاہؒ (دیوہ شریف، ہندوستان) کے فیض یافتہ حضرت الحاج فقیر عزت شاہ وارثی آج کل حضرت فقیر اکمل شاہ وارثی رحمتہ اللہ علیہ کے دربار عالیہ میں رونق افروز ہیں اور اللہ تعالیٰ کے بندوں میں فیض و کرم کی خیرات لٹانے کے لیے انہوں نے اپنی زندگی وقف فرما رکھی ہے۔

حضرت قاضی محمد محسنؒ

حضرت قاضی محمد محسنؒ چراغِ پنجاب نے بشندوٹ شریف سے اپنے ماموں قاضی محمد حنیفا قریشی کی صاحبزادی صاحبہ سے شادی کی اور اراضی شریف، تحصیل کہوٹہ میں مستقل سکونت اختیار فرمالی۔ آپ نے اویسی طور پر حضرت باباجی صاحب تیراہی رحمتہ اللہ علیہ سے فیض حاصل کیا اور ظاہری طور پر حضرت خواجہ فضل احمد معصومی المعروف حضرت جیو صاحب پشاوری رحمتہ اللہ علیہ (متوفی 1232ھ) سے فیض حاصل کیا، جنہوں نے پہلی ہی ملاقات میں آپ کو دستار خلافت عطا فرمادی۔ خانقاہ صدریہ، ہری پور، ضلع ہزارہ سے شائع ہونے والی کتاب "حیاتِ صدریہ" کی روایت کے مطابق آپ حضرت جیوؒ صاحب کے خلیفہ اعظم شمار ہوتے تھے۔ کوٹلہ تحصیل راولپنڈی کے رہائشی حاجی سلطان محمد صاحب، جن کی عمر سوا صدی سے اوپر ہو چکی ہے، روایت کرتے ہیں کہ حضرت جیو صاحب پشاوری نے پنجاڑ، تحصیل کہوٹہ میں اپنے قیام کے دوران آپ کو

بشارت دی تھی کہ آپ کو دیا جانے والا فیض بطریق فضل آپ کی اولاد میں سات پشتوں تک جاری رہے گا۔ ایک روایت میں گیارہ پشتوں کا ذکر ہے جبکہ بعد میں آنے والی نسلیں اگر محنت و ریاضت کرتی رہیں تو بطریق عدل سلسلہ ولائت اُن کے ہاں بھی چلتا رہے گا۔ حضرت سید محمد امیر شاہ گیلانی قادری (مصنف تذکرۂ علماء و مشائخ سرحد، جلد اول) کی روایت کے مطابق حضرت جیو صاحب پشاوریؒ کا سلسلہ نسب حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ کے بڑے بھائی حضرت شاہ عبدالرزاق رحمتہ اللہ علیہ تک پہنچتا ہے۔ اپنے نانا شاہ محمد رسا رحمتہ اللہ علیہ سے طریقۂ نقشبندیہ مجددیہ میں بیعت ہو کر خلافت حاصل کی۔ طریقۂ قادریہ چشتیہ میں شیخ عبداللہ بخاری الملقب بہ میر صاحبؒ سے خرقہ خلافت حاصل کیا۔ مریدین کو چاروں سلسلوں میں بیعت کیا کرتے تھے۔ لیکن ترجیح طریقہ نقشبندیہ کو دیا کرتے تھے۔ حضرت قاضی محمد محسن رحمتہ اللہ علیہ نے 8 شوال 1262ھ کو وفات پائی۔ آپ کا مزارِ پُرانوار اراضی شریف نزد ساگری، تحصیل کہوٹہ میں واقع ہے۔ اب بھی تشنگانِ معرفت کی روحانی منازل آپ کے مزارِ اقدس پر حاضری کے نتیجے میں طے ہوتی ہے۔ آج کل حضرت قاضی مسعود الحسن، اراضی شریف میں رونق افروز ہیں۔ آپ کو حضرت معظم قاضی محمد صدرالدین رحمتہ اللہ علیہ (متوفی 18 ربیع الثانی 1398ھ) سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں خلافت حاصل ہے۔ آپ اپنے جدِ امجدؒ کے سلسلہ عالیہ کی ترویج و اشاعت میں دن رات سرگرم عمل ہیں۔

حضرت قاضی احمد قادریؒ

حضرت قاضی محمد محسن رحمتہ اللہ علیہ کے فرزند حضرت قاضی احمد رحمتہ اللہ علیہ ڈھوک قاضیاں شریف کے روحانی مرکز کے بانی ہیں۔ آپ 5 جمادی الثانی 1217ھ جمعتہ المبارک کو بوقت اشراق اراضی شریف میں پیدا ہوئے۔ ایک روایت کے مطابق تخت پڑی سے ایک کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ڈھوک جنڈی میں کوڑھ کا مرض عام تھا۔ یہاں کے باشندوں کی استدعا پر حضرت قاضی محمد محسنؒ نے حضرت قاضی احمد کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور مخلوق کی نفع رسانی کے لیئے ان

کے ساتھ روانہ فرمادیا نتیجۃً آپ نے ڈھوک جنڈی میں مستقل سکونت اختیار فرمائی۔ آپ کے وجود مبارک کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے وہاں سے کوڑھ کا مرض ختم فرما دیا۔ آپ کے ساتھ نسبت کی وجہ سے بستی ڈھوک جنڈی سے بدل کر ڈھوک قاضیاں سے موسوم ہو گئی۔ حضرت قاضی احمد رحمۃ اللہ علیہ حضرت اخوند عبدالغفور عرف سیدو بابا رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہوئے۔ حضرت اخوندؒ حضرت غلام محمد المعروف جی صاحب پشاوری متوفی 1175ھ کے شاگرد تھے۔ حضرت جی صاحب کا سلسلہ نسب پانچویں پشت میں حضرت مجدد الف ثانیؒ سے جا ملتا ہے "احوال العارفین" (مصنفہ غلام فرید) کی روایت کے مطابق حضرت سیدو بابا تلاش مرشد میں 1232ھ میں حضرت جی کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ آٹھویں دن شرف ملاقات حاصل ہوا۔ حضرت نے فرمایا کہ تمہارا فیض فقیر میرے پاس نہیں مگر استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ پڑھتے رہا کرو اور حضرت شاہ محمد شعیب رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۲۳۸ھ) کی خدمت اقدس میں تورڈھیر شریف، تحصیل صوابی میں حاضری دو۔ آپ کو قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ، کبرویہ اور مداریہ سلاسل طریقت میں خلافت حاصل تھی۔ حضرت سیدو بابا تورڈھیر شریف حاضر ہو کر بیعت ہوئے۔ اور مرشد نے آپ کو قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ چاروں سلاسل میں خرقہ خلافت سے نوازا۔ آپ بچپن سے ہی تقویٰ و طہارت کی جانب اس قدر مائل تھے کہ جس گائے یا بکری کا دودھ خود پیتے اس کی رسی پکڑ کر اسے خود چرایا کرتے تھے تاکہ غیروں کے مزروعہ کھیتوں میں چرنے نہ پائے۔ آپ نے سیدو شریف میں ارشاد و تلقین، اصلاح معاشرہ اور تزکیۂ نفس کے ساتھ ساتھ درس و تدریس اور تعلیم و تربیت کا سلسلہ شروع فرمایا۔ آپ صرف ایک صوفی اور عالم ہی نہیں تھے بلکہ ایک مجاہد بھی تھے۔ آپ ہر حال میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیتے تھے۔ انگریزوں کے خلاف جہاد میں بھی آپ پیش پیش رہے۔

انفاق فی سبیل اللہ کے حوالے سے حضرت اخوند رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں صورتحال یہ تھی کہ آپ غریب اور یتیم لڑکیوں کی شادیوں کا اہتمام کرتے اور تمام تر اخراجات خود برداشت

کرتے۔ طالبعلموں کو کپڑا اور نقدی بھی عنایت فرماتے۔ آپ کے ہاں لنگر کا اہتمام بھی ہوتا تھا، جہاں ہر کسی کو بغیر کسی امتیاز کے کھانا دیا جاتا تھا۔

حضرت اخوند قدس سرہ نے حضرت قاضی احمد رحمۃ اللہ علیہ کو چاروں سلاسل میں خلافت سے نوازا تھا۔* آپ نے مرشد سے خلافت پانے کے بعد اپنی ساری زندگی اعلاء کلمۃ الحق اور خدمت خلق میں گزار دی۔ آپ زندگی بھر اتباع رسول ﷺ پر سختی سے عمل پیرا رہے۔ تقویٰ و پرہیزگاری، عفو و درگزر، مہمان نوازی، جود و سخا، شفقت و محبت اور سادگی جیسے اوصاف حمیدہ آپ میں بدرجہ اتم موجود تھے۔ آپ نے ڈھوک قاضیاں شریف میں ایک ایسے روحانی تربیتی مرکز کی بنیاد رکھی، جس نے دور دور تک اللہ تعالیٰ کے بندوں کو ایمان کے حقیقی تقاضوں سے آشنا کیا۔ آپ کی مساعیِ جمیلہ کے نتیجے میں لوگوں کو حسنِ عقیدہ کی خیرات بھی ملتی رہی اور کو حسنِ عمل سے بھی وہ مالا مال ہوتے رہے۔ آپ کی ذاتِ بابرکات بذاتِ خود ایک ادارے کی حیثیت رکھتی تھی۔ درس و تدریس کا سلسلہ بھی آپ کے ہاں چلتا رہا۔ آپ نے بستی میں جس مسجد کی بنیاد رکھی، زندگی بھر وہاں امامت کے فرائض بھی خود ہی انجام دیتے رہے۔ آپ ایک عالمِ باعمل تھے۔ صوفی باصفا تھے اور ایک ایسے مجاہد کہ معاشرتی برائیوں کے خلاف جہاد ان کا اوڑھنا بچھونا تھا۔ آپ دعاء حزب البحر کے عامل تھے۔ افادہ خلق کے لیئے آپ کے فرمودہ عملیات آپ کے خاندان میں رائج ہیں۔ آپ کا انتقال 4 ربیع الاول 1287ھ (بمطابق 1870ء) کو ہوا۔ آپ کی قبر اطہر مسجد کے پڑوس میں ہے اور آج بھی وہاں سے دولتِ ایمان وایقان کی تقسیم کی صورت میں فیضان جاری ہے۔

*بعد ازاں آپ کو قاضی محمد حسن نے بھی چاروں سلاسل میں اجازت عنایت فرمائی تھی۔

حضرت قاضی غلام محی الدینؒ

حضرت قاضی احمدؒ کے اکلوتے صاحبزادے قاضی فیض بخشؒ جوانی ہی میں اس دنیائے فانی سے رخصت ہو گئے۔ چنانچہ آپ اپنے بھتیجے قاضی غلام محی الدین ابن قاضی محمد احسن کو اپنے ہمراہ ڈھوک قاضیاں لے آئے۔ حضرت قاضی محمد احسنؒ انتہائی متقی اور سادہ مزاج بزرگ تھے۔ آپ عربی کے اچھے کاتب تھے۔ آپکے فرمودہ اکثر اوراد و وظائف آپ کے خاندان میں رائج ہیں

۔آپ 14 شوال 1313ھ (1893ء) کو اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ آپ کی قبر انور اراضی شریف کے قبرستان میں ہے۔ اور آج بھی عوام وخواص کیلئے ذریعہ فیض ہے۔ حضرت قاضی احمدؒ نے اپنی صاحبزادی حضرت فیض بی بی ان کے نکاح میں دے دیں۔ حضرت قاضی غلام محی الدینؒ نے اپنے خانوادہ کے اسی بزرگ کے دستِ اقدس پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔ یوں آپ کو چاروں سلاسل میں خرقہ وخلافت بھی اپنے انہی خاندانی بزرگ نے عطاء فرمایا۔ آپ کی والدہؒ محترمہ خاندان کی دیگر خواتین کی طرح ایک پرہیزگار خاتون تھیں۔ ان میں انتہاء درجے کی سادگی اور مسکینی پائی جاتی تھی۔ آپ کی قبر انور رکوالہ شریف، تحصیل سوہاوہ میں واقع ہے۔ حضرت قاضی محمد فقیرؒ کی روایت کے مطابق "آپ کو فقہ ومیراث میں بہرہ وافر عطاء ہوا تھا۔ آپ حضرت سیدنا غوث اعظمؓ کے حضوری تھے۔ دعاء حزب البحر کے عامل تھے۔ نفع رسانی خلق کی خاطر کیے جانے والے عملیات وتعویذات میں آپ کو کمال حاصل تھا۔ باؤلے کتے اور سانپ کے کاٹے ہوئے کو پانی دم کر کے نہلا دیا کرتے تھے اور اسے شفاء حاصل ہو جاتی تھی۔ پرہیزگاری میں بھی آپ انتہائی اعلیٰ درجے پر فائز تھے" آپ کے دم کیے ہوئے پانی سے دیگر امراض سے بھی شفاء ہوتی تھی۔ لوگوں کو تعویذات آپ خود دیا کرتے تھے۔ یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ آپ نے دم اور تعویذات کا سلسلہ مائی فیض بی بی کی وفات کے بعد شروع کیا۔ چونکہ حضرت مائی صاحبہؒ قاضی صاحب کے مرشد کی صاحبزادی صاحبہ تھیں۔ لہذا اُن کی ظاہری زندگی کے دوران روحانی علاج کا یہ سلسلہ خود چلانا انہوں نے خلاف ادب سمجھا۔

حضرت قاضی غلام محی الدینؒ نے اپنے مرشد کی بناء کردہ خانقاہ کو مزید ترقی دی۔ درس و تدریس کا مقدس فریضہ بھی آپ انتہائی خوش اسلوبی سے انجام دیتے رہے۔ دور دراز کے علاقوں سے بھی طلباء اپنی تشنگی بجھانے آپ کے مرکز میں آتے تھے۔ آپ کی ایمان افروز مجلسیں ہمیشہ قال اللہ اور قال الرسول کی صداؤں سے گونجا کرتی تھیں۔ آپ بستی کی مسجد میں نماز پنجگانہ کی امامت خود کراتے تھے۔ علاقے میں اگر کوئی شخص فوت ہو جاتا تو تشریف لے جاتے اور خود ہی

نماز جنازہ پڑھاتے۔ آپ کے ہاں لنگر عام تھا۔ خاص و عام ہر کسی کو حتیٰ کہ غیر مسلموں کو بھی بلا امتیاز کھانا فراہم کیا جاتا تھا۔ آپ اہل محلہ کی صرف دینی خدمت ہی نہیں کرتے تھے بلکہ آپ کا دستر خوان ان کیلئے بھی وسیع تھا۔ آپ پیکر جمال تھے۔ ہر کسی سے خندہ پیشانی سے اور خوش خلقی سے پیش آتے۔ آپ کی شفقتوں اور محبتوں کے دروازے ہر خاص و عام پر کھلے ہوئے تھے۔ دکھ درد کے عالم میں بھی آپ لوگوں کو رہنمائی فراہم کرتے تھے۔ روایت کیا جاتا ہے کہ آپ کے دور میں ایک مرتبہ علاقہ طاعون کی وباء کی لپیٹ میں آ گیا۔ بستی کے لوگ بھی پریشانی کے عالم میں تھے۔ آپ نے ایک دن انہیں بتایا کہ آج رات میں نے عالمِ خواب میں اپنے مرشد کی زیارت کا شرف حاصل کیا ہے۔ میں نے دیکھا کہ آپ اپنا عصاء لیے ہوئے بستی کے اردگرد چکر لگا رہے ہیں۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ بستی آپ کی نگاہِ کرم کے احاطے میں ہے۔ اس خواب کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے آپ نے اہلِ دیہہ کو تسلی دی کہ مطمئن رہیں، انشاء اللہ گاؤں طاعون سے محفوظ رہے گا اور ایسا ہی ہوا۔ جس طرح زندگی بھر آپ نے حدود اللہ کی حفاظت فرمائی، اسی طرح اس بستی کو بھی اللہ تعالیٰ اپنی حفاظت میں رکھتا رہا ہے۔ روایت کیا جاتا ہے کہ باہر سے کوئی چور ڈاکو ڈھوک قاضیاں میں کوئی واردات نہیں کر سکتا۔ اگر کوئی بدنصیب ایسا کرنے کی کوشش کرے تو اس کی بصارت اس کا ساتھ چھوڑ جاتی ہے۔ حضرت قاضی غلام محی الدین قدس سرہ کو وصال پائے، آج نصف صدی سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے۔ لیکن آپ کے وجود اقدس کی یہ خصوصی برکت آج بھی موجود ہے۔

حضرت قاضی غلام محی الدین قدس سرہ نے اہل محلہ کی تکالیف کے ازالہ کیلئے کنواں کھدوانے کا اہتمام فرمایا۔ اس کنوئیں میں پانی کی اتنی افراط ہے کہ شدید ترین گرمی میں بھی اس میں کمی نہیں آتی۔ چودہ برقی موٹریں مسجد، مدرسہ اور مختلف گھروں میں پانی کی فراہمی کیلئے کام کر رہی ہیں۔ علاوہ ازیں، اہل محلہ ڈولوں کے ذریعے بھی پانی نکالتے ہیں۔ اس کے باوجود پانی کی مقدار میں کمی نہیں ہوتی۔ روزمرہ کی ضروریات کیلئے کافی ہونے کے ساتھ ساتھ یہ پانی باعث شفاء بھی ہے۔ اس حوالے سے الحاج فقیر عزت شاہ وارثی مدظلہ العالی سے روایت کیا جاتا ہے کہ

حضرت قاضی احمدؒ کے شاگرد ایک دن اس کنوئیں کی کھدائی میں مصروف تھے، پانی نہیں آ رہا تھا۔ حضرت قاضی غلام محی الدینؒ جو ابھی کم عمر تھے، پھرتے پھراتے وہاں آ پہنچے۔ شاگردوں نے انہیں کنوئیں میں اتار دیا اور ان سے دعا کے لیئے التجا کی۔ آپ کم سنی کی بناء پر گھبرا گئے، باہر نکالنے کو کہا تو طلباء نے اصرار کیا کہ پانی آئے گا تو باہر نکالیں گے۔ آپ نے اللہ تعالیٰ پر یقین رکھتے ہوئے فرمایا کہ مجھے کنوئیں سے باہر نکالو، پانی میں تمہیں کشمیر سے لا دوں گا۔ رات کے دوران اچانک اتنی وافر مقدار میں پانی آ گیا کہ پانی کنوئیں سے باہر نکل کر گاؤں کے گلی کوچوں میں بہنا شروع ہو گیا۔ آپ ہی سے روایت ہے کہ ایک عرصہ تک علاقے کی مستورات کا یہ دستور رہا کہ ہر جمعرات کو اپنے اپنے برتن لے کر آتیں اور حصولِ شفاء کے لیئے یہاں سے پانی لے جاتی تھیں۔ تخت بڑی میں آباد سکھوں کے ہاں بھی اگر کوئی مریض ہوتا تو وہ بھی یہاں سے پانی لے جاتے، اللہ تعالیٰ اُن کے مریض کو بھی شفاء سے نواز دیتا۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا گیا حضرت قاضی غلام محی الدین کو سیدنا غوثِ اعظمؒ کی بارگاہِ اقدس میں حضوری کا مقام حاصل تھا۔ علاقے بھر میں بارگاہِ غوثیت کا فیضان پھیلانے میں آپ کی خدمات بڑی نمایاں ہیں۔ آپ ہر سال ۱۱ ربیع الثانی اور ۱۷ ربیع الثانی کو حضرت غوث پاکؒ کی روحِ مبارک کے ایصالِ ثواب کی خاطر لنگر کا اہتمام کرتے تھے۔ ان مواقع پر دور دراز سے لوگ آتے اور انہیں بغیر کسی تفریق کے کھانا کھلایا جاتا۔

حضرت قاضی غلام محی الدینؒ کی نگاہیں اور دعائیں مردہ دل لوگوں کیلئے بھی شفاء کا باعث بنتی تھیں۔ آپ کی توجہات کے نتیجے میں بیشمار لوگوں کی زندگیوں میں انقلاب آیا۔ آپ نے لوگوں کی انفرادی اور اجتماعی زندگیوں میں دینِ اسلام کی بالادستی کیلئے جو خدمات انجام دیں، آج بھی ان کے آثار واضح طور پر دیکھے جا سکتے ہیں۔ آپ ایک روایت کے مطابق 150 سال جب کہ دوسری روایت کے مطابق 164 سال زندگی گزار کر 24 ذی الحجہ 1367ھ (بمطابق 28 اکتوبر 1948ء) اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ آپ کی نمازِ جنازہ حضرت پیر محمد فضل شاہ جلالپوری قدس سرہٗ نے پڑھائی۔

حضرت قاضی احمد حسن المعروف

یکم محرم الحرام
1286ھ
بروز اتوار
بوقت سحر

حضرت قاضی احمد جیؒ

حضرت قاضی غلام محی الدینؒ کے ہاں حضرت قاضی احمد جیؒ کی ولادت ہوئی۔ آپ کا شمار سلسلہء عالیہ چشتیہ نظامیہ سے تعلق رکھنے والے عظیم شیخ طریقت حضرت خواجہ غلام حیدر علی شاہ جلالپوریؒ کے اعظم خلفاء میں ہوتا ہے۔ آپ نے اپنے جدِ امجد کے روحانی مشن کی اشاعت کے لیئے اپنی ساری زندگی وقف کیے رکھی۔

حضرت جلالپوریؒ سے آپ کی بیعت کے حوالے سے الحاج فقیر عزت شاہ صاحب وارثی سے روایت کیا جاتا ہے کہ جب حضرت قاضی احمد جیؒ جوان ہوئے تو قاضی غلام محی الدینؒ نے انہیں کسی بزرگ کے ہاتھ پر بیعت کرنے کی نصیحت فرمائی۔ انہوں نے عرض کی حضرت! آپ کے ہوتے ہوئے میں کسی دوسری ہستی کے پاس کیسے جاسکتا ہوں؟ اس پر حضرت نے فرمایا کہ " مجھے حکم نہیں کہ میں تمہیں بیعت کروں، تاہم تم نمازِ استخارہ کے ذریعے رہنمائی طلب کرو"۔ حضرت قاضی احمد جیؒ نے استخارہ کیا۔ نتیجۃً آپ کو حضرت میاں محمد بخشؒ کے ہاں کھڑی شریف حاضری کا اشارہ ہوا۔ آپ وہاں تشریف لے گئے۔ رات وہیں ٹھہرے۔ حضرت میاں صاحب کی جانب سے فرمایا گیا، " قاضی صاحب! آپ خود بھی عالم و فاضل ہیں اور آپ کے بزرگ بھی، لیکن انہوں نے آپکو یہاں بھیج دیا۔ میں تو اس پوزیشن میں نہیں۔ البتہ آپ ایسا کریں کہ جہلم کو جانے والی سڑک پر ہو لیں۔ پھر پنڈ دادنخان کا راستہ پکڑیں۔ پہاڑوں کے دامن میں جلالپور نامی بستی ہے۔ وہاں چلے جائیں۔ آپ کا فیض

نہیں آئے گی بلکہ وہ خود آپ کے سامنے آجائیں گے۔ حضرت قاضی صاحبؒ جب جلالپور تشریف پہنچے تو حضرت خواجہ جلالپوریؒ آستانہ عالیہ کو جانے والے راستے پر کھڑے تھے۔ آپ کو دیکھتے ہی فرمانے لگے، قاضی صاحب! جلدی آئیں، میں آپ کے انتظار میں کھڑا ہوں۔ اس طرح قاضی صاحب کی حاضری آستانہ شیخ پر ہوئی۔ آپ وہاں سے فیض و برکات لے کے لوٹے۔ جب اپنا شجرہ طریقت اپنے والدِ گرامیؒ کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا تو شجرۂ طریقت کو دیکھ کر حضرتؒ نے

نوٹ: پروفیسر مسعود الحسن صاحب کی روایت کے مطابق آپ کو حضرت میاں محمد بخش قدس سرہٗ نے بھی سلسلہ قادریہ میں اجازت عطا فرمائی تھی اور آپ کے نانا حضرت قاضی احمد دین رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو چاروں سلاسل میں اجازت کاملہ عطا فرمائی تھی۔ علاوہ ازیں حضرت سیدنا ابراہیم سیف الدین گیلانی قدس سرہٗ نے اکیلے ہی آپ کو نسبت قادریہ عطا فرمائی تھی۔ حضرت جلالپوری قدس سرہٗ سے بھی آپ کو خصوصیت کے ساتھ نظامیہ کے ساتھ قادریہ نسبت بھی حاصل تھی۔

فرمایا " احمد جیؒ! تم تو بہت خوش نصیب ہو"۔ یہاں یہ بات حضرت عزت شاہ وارثیؒ کے ہی حوالے سے قابلِ ذکر ہے کہ حضرت قاضی احمد جیؒ کو اپنے والد گرامیؒ سے بھی خلافت حاصل تھی۔ اس طرح چاروں سلاسل طریقت کا فیضان آپ کے ہاں موجود تھا۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں حضرت قاضی غلام محی الدینؒ کی وساطت سے آپ کا سلسلۂ طریقت حضرت خواجہ اخوند عبدالغفورؒ سے ہوتا ہوا بارھویں پشت میں حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ سے جا ملتا ہے۔ نوٹ

حضرت قاضی احمد جیؒ کو اپنے شیخؒ سے بے پناہ محبت و عقیدت تھی۔ کوٹلہ، تحصیل راولپنڈی سے مائی بیگم جی صاحبہ، جو اب بھی بقیدِ حیات ہیں، بیان کرتی ہیں کہ آپ بارہ سال ننگے پاؤں پیدل اپنے گاؤں سے جلالپور شریف جاتے رہے ہیں۔ آپ پہلے اپنے گھر سے میرا شریف تحصیل راولپنڈی جاتے تھے۔ وہاں سے حضرت خواجہ غلام شاہؒ کو ساتھ لیتے۔ پھر جلالپور شریف کے لیے چل پڑتے۔ ایک مرتبہ کسی بناء پر آپ ~~کے~~ ~~لیے~~ اکیلے ہی جلالپور شریف چلے گئے۔ وہاں پہنچے ہی حضرت جلالپوریؒ نے خواجہ غلام شاہؒ صاحب کے بارے میں پوچھا۔ آپ انہی قدموں لوٹ کے میرا شریف آ گئے اور خواجہ غلام شاہؒ صاحب کو ساتھ لیکر بارگاہِ شیخؒ میں حاضری دی۔ حضرت شیخؒ کی جانب سے بھی انہیں بیحد شفقت و محبت حاصل تھی۔ اور آپ پر ان کی بڑی عنایات و نوازشات تھیں۔

حضرت قاضی احمد جیؒ نہایت متقی، دیندار، سادہ مزاج اور دریا دل تھے۔ آپ ظاہری و باطنی علوم سے مالا مال تھے۔ آپ اپنے دور کے صاحبِ عزم و خدمت ولی کامل تھے۔ اللہ تعالیٰ کے بندے، خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتے اور مشکلات بیان کرتے۔ اللہ تعالیٰ انہیں کامیابی عطا فرماتا۔ آپ کی زبان مبارک سے جو بھی فرمان صادر ہوتا۔ اللہ پاک اسے پورا کر دیتا، کیونکہ آپ پر ربِ ذوالجلال کا فضلِ عظیم تھا۔

حضرت قاضی احمد جیؒ صوم و صلوٰۃ اور اوراد و وظائف کے سختی سے پابند تھے اور تقویٰ و طہارت میں اسلاف کی جیتی جاگتی تصویر تھے۔ اہل اللہ بالخصوص حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر
ساتھ قادریہ نسبت بھی حاصل تھی۔

جیلانیؒ کی عقیدت ومحبت آپ کے رگ وریشہ میں رچی بسی ہوئی تھی۔کلمہ حق کی ادائیگی میں آپ اپنی مثال آپ تھے۔آپ بستی کی مسجد میں امامت خود ہی کراتے تھے۔آپ کے وصال کے بعد آپکے فرزند اکبر حضرت قاضی محمد شریف" امامت کراتے رہے۔ قاضی محمد شریف" پاکستان کی بری فوج میں امامت وخطابت کے فرائض انجام دیتے رہے۔آپ نے اپنے دادا حضرت قاضی غلام محی الدینؒ سے فیوضاتِ کثیرہ حاصل کیے۔صاحب علم تھے۔صاحب معرفت تھے۔صاحبِ خُلق عظیم تھے۔حکیم حاذق تھے۔شاعر بھی تھے۔آپ نے اکثر تواریخ وفات کو نظم کے سانچے میں ڈھالا۔آپ 20 شوال 1395ھ بمطابق 26 اکتوبر 1975ء کو دنیا سے رخصت ہوئے۔ آپ کی قبر انور اپنے دادا صاحب کے مزار انور کے بیرونی احاطے میں واقع قبرستان میں ہے۔

حضرت قاضی احمد حیؒ قرب وجوار کے دیہات میں کسی کی وفات کی صورت میں تشریف لے جاتے اور نماز جنازہ پڑھاتے۔آپ نے اپنے اکابر کی طرح درس وتدریس کا سلسلہ بھی جاری رکھا۔طلباء سے شفقت ومحبت سے پیش آتے۔اپنے شیخ کاملؒ کی طرح آپ نے بھی لنگر کا سلسلہ جاری رکھا۔جہاں سے ہر آنے جانے والے کو بغیر کسی امتیاز کے کھانا فراہم کیا جاتا تھا۔آپ نے دم اور تعویذات وغیرہ کی روایات کو بھی حسب سابق جاری رکھا۔مختلف علاقوں سے مریض آتے یا ان کے متعلقین آتے،اللہ پاک آپ کے صدقے انہیں شفاء کی خیرات سے نوازتا۔جو لوگ الجھنیں لے کر آتے۔آپ انہیں رہنمائی فراہم کرتے۔مصیبت زدہ لوگوں کو تسلی دیتے اور صبر کی تلقین فرماتے۔محبتِ شیخ کا عالم یہ تھا کہ حضرت قاضی احمد حیؒ نے مالی وسائل کی قلت کے باوجود **"نفحات المحبوب"**، **"مقامات المحبوب"** اور **"کرامات المحبوب"** کے عنوانات سے حضرت خواجہ جلالپوریؒ کے ملفوظات فارسی زبان میں تین جلدوں میں طبع کرائے۔ اسی طرح آپ ہی کے حوالے سے منظوم پنجابی میں **"گلزار حیدری"**، **"وصال حیدری"** اور **"انتقال حیدری"** کے ناموں سے بھی چھوٹے چھوٹے تین کتابچے چھپوائے۔ علاوہ ازیں غوث صمدانی، قطبِ ربانی شہباز

لامکانی حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی قدس سرہ کے ساتھ محبت و عقیدت کا عالم یہ تھا کہ آپ زندگی بھر گیارہ اور سترہ ربیع الثانی کو حضرت غوث اعظمؓ کی یاد میں وسیع پیمانے پر لنگر کا اہتمام کرتے رہے اور یہاں سے امیر و غریب کے امتیاز کے بغیر ہر کسی کو ان مواقع پر کھانا فراہم کرتے رہے۔ آپ نے مقرب بارگاہ غوثیت حضرت دیوان حضوریؒ کے احوال و آثار پر مشتمل کتاب بنام ''تحفۂ قادریہ'' (منظوم پنجابی از تصنیف منشی الٰہی بخش) بھی شائع کروائی۔ یہ کتاب آئندہ صفحات میں پیش کی جا رہی ہے۔

آپ 82 سال کی عمر گزار کر 11 ربیع الثانی 1379ھ بمطابق 14 اکتوبر 1959ء کو اس جہان فانی سے رخصت ہوئے۔ آپ کو اپنے مرشد پاکؒ کے پہلو میں تدفین کی سعادت حاصل ہوئی۔ آپ کے روضہ اطہر سے زائرین آج بھی خیر و برکت لوٹ رہے ہیں۔ آپ کی نمازِ جنازہ حضرت قاضی محمد ارشد رحمۃ اللہ علیہ نے پڑھائی۔

والدِ گرامی

حضرت قاضی احمد جی کی اولاد

حضرت قاضی احمد جیؒ کے انتقال کے بعد آپ کی سب سے بڑی صاحبزادی صاحبہ نے تقریباً چالیس سال تک بڑی محنت و جانفشانی کے ساتھ آپ کے روحانی مرکز کی خدمت کا فریضہ بمثال انداز میں انجام دیا۔ یوں تو حضرت کی ساری صاحبزادیاں ہی تقویٰ و پرہیزگاری میں اعلیٰ درجات پر فائز تھیں۔ لیکن آپ کی بڑی صاحبزادی صاحبہ کا رنگ سب سے جدا تھا۔ آپ صاحبِ علم، صاحبِ تقویٰ، صاحبِ جود و سخا اور صاحبِ خلقِ عظیم تھیں۔ ہر کسی کے ساتھ شفقت و محبت سے پیش آتیں۔ مہمان نوازی آپ کے مزاج کا حصہ بن چکی تھی۔ آپ نے اپنے آباؤ اجداد کے بنائے کردہ میکدۂ طریقت کی بہار کو قائم رکھنے کیلئے چالیس برس سے زائد کا طویل عرصہ بڑے دکھوں، تکلیفوں اور مشکلات میں گزارا۔ لیکن صبر و تحمل کو ہاتھ سے جانے نہ دیا۔ آپ سرد اور گرم موسموں کی شدتوں کو بھی مسکرا کر برداشت کرتی رہیں۔ اور نا سمجھ لوگوں کی جانب سے ہونے والی زیادتیوں کو بھی کمال درجہ کے صبر و تحمل کے ساتھ سہتی رہیں۔ آپ نے رضاء خداوندی میں اپنے آپ کو اس حد تک گم کر دیا تھا کہ بڑی بڑی تکلیفوں اور آزمائشوں کا سامنا کیا لیکن آپ کے پائے

ثبات میں بھی لغزش تک نہ آئی۔ آپ آنے جانے والوں کو دین پر عمل کی ترغیب بھی دیتی رہیں۔ مشکلات میں گھرے ہوئے لوگوں کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعاؤں کا سلسلہ بھی جاری رکھا، بیماروں کو دم بھی کرتی رہیں اور تعویذ بھی دیتی رہیں۔ اس طرح آپ کے در اقدس سے ہر خاص و عام کو فیض و کرم کی خیرات ملتی رہی۔ آپ نے 11 اور 17 ربیع الثانی کو سیدنا غوث اعظم قدس سرہ کی یاد میں لنگر کا اہتمام جاری رکھا۔ بالآخر 17 ربیع الثانی 1418ھ بمطابق 22 اگست 1997ء لنگر کے سارے انتظامات پایہ تکمیل تک پہنچانے کے بعد آپ نے داعیٔ اجل کو لبیک کہا اور اپنے پیچھے میدان دعوت و عزیمت میں ایک عظیم مثال چھوڑ گئیں۔ آپ کی آخری آرام گاہ مسجد سے ملحقہ قبرستان میں ہے۔

حضرت قاضی احمد دینؒ کی دوسری صاحبزادی صاحبہؒ کے ہاں قاضی محمد افضلؒ کی ولادت ہوئی، اُن کی طبیعت پر سادگی غالب تھی۔ ان کے ہاں بھی پرہیز گاری انتہائی بلند درجے پر تھی۔ آپ کی تیسری صاحبزادی صاحبہؒ، جن کے ہاں قاضی عزیز احمد المعروف حضرت عزت شاہ وارثیؒ کی ولادت مبارکہ ہوئی، بھی تقویٰ، مجاہدہ و ریاضت، سادگی اور شفقت و محبت کے اعلیٰ درجات پر فائز تھیں۔ آپ کی وفات 29 رجب 1386ھ (بمطابق 13 نومبر 1966ء) کو ہوئی۔ آپ کی قبر انور ڈھوک قاضیاں شریف، تحصیل جہلم میں ہے۔ آپ کے صاحبزادے حضرت عزت شاہ وارثیؒ، آستانہ عالیہ وارثیہ، چکھڑ شریف، تحصیل گوجر خان میں رونق افروز ہیں، اپنے اسلاف کا نمونہ ہیں، اندرون و بیرون ملک وسیع پیمانے پر فیضان بانٹنے میں مصروف ہیں۔ لاکھوں انسان آپ سے فیضیاب ہو چکے ہیں۔ آپ بیشمار مساجد اور مدرسے بھی تعمیر کرا چکے ہیں جن میں جامعہ قادریہ چشتیہ وارثیہ ڈھوک قاضیاں بھی شامل ہے۔ حضرت قاضی صاحبؒ کی چوتھی صاحبزادی صاحبہ، جن کی قبر پاک صاحب دھمیال، تحصیل کھوٹہ میں ہے، ایک شب زندہ دار خاتون تھیں۔ انہوں نے اپنی زندگی کے دوران انتہائی سخت قسم کے مجاہدے کیئے۔ تقویٰ و طہارت، سادگی اور جذبہ خدمت خلق میں انتہائی اعلیٰ مرتبے کی حامل تھیں۔ اُن کا بیشتر وقت تلاوت قرآن

کریم میں گزرتا تھا۔ دلائل الخیرات، درود مستغاث، دعاء حزب البحر، قصیدہ غوثیہ وغیرہ آپ کے معمولات میں شامل تھے۔ حضرت قاضی صاحب کی سب سے چھوٹی صاحبزادی صاحبہ، جو پروفیسر مسعود الحسن بر اس کی والدۂ محترمہ تھیں، کی زندگی بھی پرہیزگاری، شب بیداری، کثرت تلاوت قرآن کریم اور کثرت اوراد سے عبارت تھیں۔ آپ کی وفات 14 مارچ 1998ء (1418ھ) کو ہوئی۔ آپ کی تدفین بستی کی مسجد سے ملحقہ خصوصی قبرستان میں ہوئی۔

حضرت قاضی احمد حق کے صاحبزادگان میں سے قاضی محمد شریف کا ذکر سطور بالا میں کیا جا چکا ہے۔ آپ کے دوسرے صاحبزادے قاضی محمد رفیق مادرزاد ولی تھے۔ عالم طفولیت ہی میں 4 شعبان 1327ھ بمطابق 21 اگست 1909 کو وفات پاگئے۔ ان کی قبر پاک گاؤں کے قدیمی قبرستان میں جنوب مغربی کونے میں ہے۔ آپ کے تیسرے صاحبزادے قاضی محمد حسنؒ 15 مارچ 1906ء کو پیدا ہوئے۔ ان کا ذکر آگے آنے والا ہے۔ آپ کے چوتھے صاحبزادے قاضی محمد سلیمان 30 ذالحجہ 1328ھ بمطابق 2 جنوری 1911ء کو پیدا ہوئے۔ اور 21 ذی قعدہ 1402ھ بمطابق 10 ستمبر 1982ء کو فوت ہوئے۔ ان کی قبر اپنے دادا صاحب کے روضۂ اقدس کے بیرونی احاطہ میں ہے۔ صاحب علم تھے، صاحب ذوق تھے۔

حضرت قاضی محمد حسن قادریؒ

حضرت قاضی محمد حسنؒ کا سلسلہ طریقت حضرت سید علی حیدر شاہ آفندی البغدادیؒ کی وساطت سے حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ سے ملتا ہے۔ آپ نے دینی علوم اپنے خاندانی بزرگوں سے حاصل کئے۔ آپ نے پنجاب یونیورسٹی، لاہور کا میٹرک کا امتحان گورنمنٹ ایس این ہائی سکول، راولپنڈی سے 1924 میں پاس کیا۔ پھر آپ نے پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ السنہ شرقیہ سے فاضل فارسی کا امتحان 1926ء میں پاس کیا۔ آپ نے "**پٹواری کورس**" کا امتحان راولپنڈی سے 1928ء میں پاس کیا۔ رزقِ حلال کی تلاش میں آپ نے ایک پٹواری کی حیثیت سے سرکاری ملازمت کا آغاز کیا۔

آپ کا بچپن عام بچوں سے بالکل مختلف تھا۔ اور آثار ولایت ابتداء ہی سے ہویدا تھے۔ آپ کی والدہ محترمہ کا تعلق حضرت دیوان حضوریؒ کے خاندان سے تھا۔ آپ صاحب دھمیال، نزد ساگری، تحصیل کہوٹہ سے حضرت قاضی عبدالحکیمؒ کی بہن تھیں۔ آپ انتہائی پرہیزگار خاتون تھیں، یہاں تک کہ ان کی وفات نماز فجر کے دوران حالت سجدہ میں ہوئی تھی۔ حضرت قاضی محمد حسن بچپن سے ہی پاکیزہ اخلاق وعادات کے حامل تھے۔ اتباع شریعت کا اہتمام تھا۔ اس دور میں بھی نماز کے پابند تھے۔ اوراد و وظائف کی پابندی بھی آپ کے ہاں موجود تھی۔ دیگر اعمال صالح کا اہتمام بھی تھا۔ لہو ولعب اور کھیل کود سے دور کا بھی واسطہ نہ تھا۔ آپ شروع سے ہی انتہائی خوددار اور بردبار تھے۔ ہمہ وقت حصول علم کی تگ و دو میں رہنا آپ کا روزمرہ کا معمول تھا۔ صفائی اور پاکیزگی کا خصوصی اہتمام فرماتے۔ آپ کے والد گرامی کی آپ پر خصوصی عنایات تھیں۔ الحاج حضرت فقیر عزت شاہ وارثیؒ کی روایت ہے کہ حضرت قاضی احمد جیؒ فرمایا کرتے تھے کہ "ہمارے خاندان کا چراغ محمد حسن کے ذریعے روشن ہوگا"۔

جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا کہ آپ نے بطور پٹواری ملازمت کا آغاز کیا، ترقی کرتے کرتے نائب صدر قانونگو، پھر صدر قانونگو کے عہدے پر جو کہ ضلعی سطح کا منصب تھا، فائز ہوئے۔

آپ کو اپنے والد گرامی اور دادا محترم سے بھی اجازت حاصل تھی

اس وقت کا صدر قانونگو آجکل کے نائب تحصیلدار کے مساوی ہوتا تھا۔ دوران ملازمت آپ کو تحصیلدار کے عہدے پر تعیناتی کی پیشکش کی گئی۔ جسے آپ نے قبول نہیں فرمایا۔ دینِ اسلام بندہ مومن کیلئے ایک ضابطہ اخلاق پیش کرتا ہے۔ جس کے تحت وہ مادی اور روحانی ہر دو قسم کے تقاضہ ہائے زندگی کے مابین توازن قائم کرنے کا پابند ہوتا ہے۔ قاضی محمد حسنؒ نے ملازمت کے میدان میں اس تقاضے کو کماحقہٗ مدِ نظر رکھا۔ آپ اس اصول پر کاربند رہے کہ "دست بکار دل بیار"۔ آپ کو بڑی بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ بدعنوان افسرانِ بالا سے بھی واسطہ پڑا۔ گھر میں فاقہ کشی تک کی نوبت آئی لیکن آپ کے پائے ثبات میں ایک لمحہ کیلئے بھی لغزش نہ آئی۔ کیونکہ آپ اچھی طرح اس حقیقت سے شناسا تھے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا پانے کیلئے ایسے جاں سوز مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔ قرآن کریم کی وساطت سے ربِ کائنات ہمیں خبردار کرتے ہوئے فرماتا ہے وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ إِذَآ أَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّآ إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝ چونکہ اللہ کریم ہمیں ہدایت فرماتا ہے کہ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ لہٰذا آپ نے ہمیشہ صبر و استقامت سے کام لیا۔ بطور مثال جب آپ کیمبل پور، جسے اب اٹک کہا جاتا ہے، تعینات تھے تو وہاں کے ڈپٹی کمشنر کرنل (ریٹائرڈ) اشرف نے ایک ایسی خصوصی ذمہ داری تفویض کی، جس کی اچھے انداز میں تکمیل کیلئے اچھا خاصا وقت مطلوب تھا۔ ڈپٹی کمشنر دراصل آپ کی دیانتدارانہ روش سے نالاں تھا لہٰذا وہ آپ سے نجات حاصل کرنا چاہتا تھا۔ اس نے چند ایام کے بعد کارکردگی کی رپورٹ طلب کر لی۔ ایک اجلاس کے دوران جب یہ مسئلہ اٹھایا گیا تو افسرِ اعلیٰ نے آپ کو نا اہلی کا طعنہ دیتے ہوئے آپ پر اظہارِ ناراضگی کیا۔ آپ نے واضح فرمایا کہ یہ ایک ایسا کام ہے جس کا تعلق عوام کے حقوق سے ہے، کام پیچیدہ ہے لہٰذا عوام الناس کے حقوق کی حفاظت کے پیشِ نظر سے اسے حسن و خوبی سے پایہ تکمیل تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ مجھے اس مقصد کیلئے مزید عرصہ

درکار ہے۔ جب آپ اپنے افسر بالا کے سامنے یہ وضاحت پیش کر رہے تھے، تو چوہڑ ہڑپال، راولپنڈی کینٹ کے رہائشی جناب شہنشاہ حسین، ایچ۔وی۔سی (HVC) نے جو آپ کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے، پیچھے سے آپ کی قمیض کو پکڑ کر اپنی جانب متوجہ کرنے کی کوشش کی اور ناصحانہ انداز میں کہا کہ قاضی صاحب! ڈی۔سی صاحب کے سامنے اس انداز میں گفتگو مناسب نہیں، آپ نے بڑی جرأت و بیباکی کے ساتھ کہا کہ ''چھوڑو شاہ جی! میرا روزی رساں ڈپٹی کمشنر نہیں بلکہ مجھے رزق عطا فرمانے والی اللہ تعالیٰ کی ذات ہے''۔ ڈپٹی کمشنر اس جوابی ردِعمل سے ناراض ہوا۔ اس نے، ایک نیم سرکاری مراسلے (D.O. Letter) کے ذریعے ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈز (DLR)، پنجاب کو آپ کے خلاف رپورٹ ارسال کر دی اور سفارش کی کہ اس صدر قانونگو کے خلاف بالاحکم کے الزام میں تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس نے قانونی کارروائی کے نتیجے میں ملازمت سے آپ کی برطرفی کی تجویز دی۔ ''اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰہَ یَنْصُرْکُمْ'' کے قرآنی وعدہ کے مطابق ہوا یہ کہ ڈائریکٹر نے آپ کے خلاف کسی قسم کی کارروائی کی بجائے ڈپٹی کمشنر کو لکھا کہ صدر قانونگو ریٹائرمنٹ کی عمر یعنی ساٹھ (60) سال کے قریب ہیں لہٰذا اُن سے پوچھا جائے کہ وہ چھٹی لینا چاہتے ہیں یا ریٹائرمنٹ لینا چاہتے ہیں۔ نتیجتاً آپ نے لکھ کر دے دیا کہ انہیں ایک سال کی رخصت قبل از ریٹائرمنٹ دے دی جائے۔ آپ کے حق میں رخصت منظور کر لی گئی۔ آپ 1965ء میں رخصت لے کر گھر آ گئے اور ایک برس بعد باعزت طریقے سے آپکو ریٹائرمنٹ بھی مل گئی۔ اس کے برعکس چند سال بعد کرنل (ریٹائرڈ) اشرف کی تعیناتی بطور ڈپٹی کمشنر، راولپنڈی ہوگئی۔ اس وقت کی وفاقی حکومت نے ایک حکم کے تحت 313 افسروں کو بدعنوانی کے الزامات کے تحت ملازمت سے برطرف کر دیا۔ کرنل (ریٹائرڈ) اشرف کا نام بھی ان افسروں کی فہرست میں موجود تھا۔ اس کے ساتھ صرف یہی نہیں ہوا بلکہ وہ اپنا ذہنی توازن بھی کھو بیٹھا۔

دورانِ ملازمت آپ کی دیانتداری کا یہ عالم تھا کہ جب کبھی سرکاری دورے پر کہیں جاتے تو اپنے کھانے پینے کا سامان ساتھ لے جاتے اور کسی کے ہاں سے پانی تک نہ پیتے۔ قیام

مسجد میں ہوتا۔ جب بھی سفر کرنا ہوتا تو کسی بھی صورت دوسرے ساتھی کو موقع نہ دیتے کہ وہ آپ کا کرایہ ادا کرے۔ اسی طرح کوئی ساتھی اگر آپ کے کھانے کا بندوبست کرتا تو آپ باقاعدہ کھانے کے اخراجات کی اسے ادائیگی کرتے۔ آپ کی دیانتداری اتنے اونچے درجے کی تھی کہ جب آپ 1941-42 میں نیلی بار کالونی میں فیلڈ قانونگو کے طور پر تعینات تھے تو

P.M. HUBBARD، افسر بندوبست (Settlement Officer) نے 13.06.1942 کو آپ کی سالانہ رپورٹ میں درج ذیل تاثرات درج کیے: "He has an un-usual reputation for honesty and piety and now carried the title "Sufi". He is generally respected by the public". جب آپ 1945-46 میں نائب صدر قانونگو، راولپنڈی تعینات تھے تو K.M.HANDERSON، ڈپٹی کمشنر نے 24.10.1946 کو آپ کی خفیہ رپورٹ میں لکھا: "He has earned an excellent report for honesty and capability". اسی طرح اسی عہدے پر تعیناتی کے دوران C.L.Coats، ڈپٹی کمشنر، راولپنڈی نے 11.06.1947 کو آپ کی خفیہ رپورٹ میں لکھا: "He has earned excellent report this year". دوران ملازمت جہاں کہیں بھی نئی تعیناتی ہوتی، آپ وہاں پہنچ کر پہلے پتہ کرتے کہ مسجد کہاں ہے۔ نیز یہ کہ کیا یہاں کوئی ظاہر زندہ بزرگ موجود ہیں یا کسی ولی کا مزار ہے؟ اگر کسی زندہ بزرگ کا پتہ چلتا تو ان کی صحبت میں حاضری دیتے۔ اگر کسی علاقے میں کسی زندہ بزرگ کا مزار ہوتا تو آپ صاحب مزار کے ہاں حاضری دیتے۔ آپ کا قیام زیادہ تر مسجد میں ہی ہوتا۔ فرائض ملازمت خود بھی دیانتداری سے انجام دیتے اور اپنے ماتحتوں کو بھی ایسا ہی کرنے کی تلقین فرماتے۔ دفتری اوقات کے دوران، جب نماز کا وقت آجاتا تو آپ پابندی سے خود بھی نماز ادا کرتے اور اپنے ماتحتوں کو بھی ادائیگی نماز کی تلقین فرماتے۔ اگر کوئی غیر مسلم ہوتا تو اسے آپ ترغیب دیتے کہ وہ اپنے

مذھب کے مطابق عبادت کی پابندی کیا کرے۔

آپ حقوق العباد کی حفاظت کا اھتمام سختی کے ساتھ کرتے تھے۔ آپ کی پوری کوشش ہوتی تھی کہ محکمہ مال کی دستاویزاتِ اراضی میں اندراجات اتنی احتیاط سے ہوں کہ کسی بھی زمیندار کے حقوق ملکیت پامال نہ ہونے پائیں۔ ماتحتوں کو بھی یہی ھدایت دیا کرتے تھے۔ آپ کو اس امر کا شدت سے احساس ہوتا تھا کہ ان لوگوں کے حقوق ہمارے ہاتھوں میں بطور امانت ہیں لہذا حدیث پاک "لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَۃَ لَہٗ" (جسے امانت کی اھمیت کا احساس نہیں، اس کا کوئی ایمان نہیں) پر عمل بھرپور انداز میں آپ کی زندگی میں موجود تھا۔ ملازمت سے فراغت کے بعد آپ نے ذکر و فکر اور اشاعتِ دین کے لیے زندگی وقف کر دی۔ آپ کو تلاوتِ قرآنِ کریم سے غیر معمولی شغف تھا۔ علاوہ ازیں درود مستغاث، دلائل الخیرات، دُعا حزب البحر اور قصیدہ غوثیہ آپ کے معمولات میں شامل تھے۔ آپ روزانہ ختم خواجگان شریف، ختم مجددیہ اور ختم معصومیہ بھی پڑھا کرتے تھے۔ آپ دورانِ ملازمت بھی زیادہ تر روزے سے رہا کرتے تھے۔ بعد ملازمت بھی آپ نفلی روزے رکھتے رہے۔ نمازہائے تہجد، اشراق اور اوابین وغیرہ پر بھی مداومت تھی۔ خصوصی فضیلت والی راتوں میں نوافل کا زیادہ اھتمام ھوتا تھا۔ بعض راتوں میں آپ سو سو رکعت نفل پڑھتے تھے۔ آپ ہمیشہ کھڑے ہو کر نماز پڑھا کرتے تھے۔ زندگی کے آخری ایام میں ضعف کے باوجود آپ کھڑے ہو کر نمازیں پڑھتے رہے اور آپ نے نفل نمازوں اور روزوں کو یہاں تک کہ اوراد و وظائف کو بھی ترک نہیں کیا۔ آپ کی زندگی سیدنا غوث اعظمؓ کے اس فرمان کی تعبیر تھی:

رِجَالِیْ فِیْ ھَوَاجِرِھِمْ صِیَامٗ
وَفِیْ ظُلَمِ اللَّیَالِیْ کَاللَّآلِیْ

(میرے مرید موسم گرما میں روزہ رکھتے ہیں۔ وہ اس عبادت کی روشنی کی بدولت راتوں کی تاریکی میں موتیوں کی طرح چمکتے ہیں)۔ دن کا بیشتر حصہ آپ تلاوتِ قرآن کریم میں گزارتے تھے۔ آپ کو قرآن مجید سے محبت تھی۔ اگر قرآنِ کریم ایک سمندر ہے تو یوں سمجھیے کہ آپ نے اپنے آپ کو اس

سمندر میں ڈبو رکھا تھا۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ "قرآن حکیم میری غذا ہے"۔ آپ قرآنِ پاک محض رسمی طور پر نہیں پڑھتے تھے بلکہ آپ کے ہاں تلاوت اتحاد ربی کی خشوع و خضوع اور غور و فکر کی کیفیات میں ڈوبی ہوا کرتی تھی۔ آپ نے اپنی تمام تر زندگی کو اس حد تک اس صحیفہ و سماوی کے سپرد کر رکھا تھا کہ قرآن حکیم نے اپنے مفاہیم کے دروازے آپ پر کھول دیئے تھے۔ آپ جب کوئی آیت کریمہ بار بار تلاوت فرماتے تو ہر بار ایک نیا مفہوم آپ کے سامنے آ جاتا۔ قرآن پاک کے جو فیض و برکات آپ کو ملتے، آپ انہیں حتی الممکن حد تک دوسروں تک پہنچانے کی کوشش بھی کرتے۔ اگر یہ کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا کہ آپ ایک چلتے پھرتے قرآن تھے۔

آپ کی زندگی "اُطْلُبُوا الْعِلْمَ مِنَ الْمَهْدِ اِلَی اللَّحْدِ" کی تعمیل سے عبارت تھی۔ آپ نے بچپن میں علم حاصل کرنا شروع کیا اور مرتے دم تک اپنے آپ کو ایک طالبعلم بنا کر رکھا۔ آپ کو اس حقیقت کا اچھی طرح احساس تھا کہ:

بے علم چون شمع باید گداخت
کہ بے علم نتوان خدا را شناخت

حضور سید غوث اعظم جیلانی رحمتہ اللہ علیہ علم کی اہمیت کے حوالے سے فرماتے ہیں:

دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰی صِرْتُ قُطْباً
وَنِلْتُ السَّعْدَ مِنْ مَوْلَی الْمَوَالِیْ

(میں علم کو درست پڑھ کر قطب ہو گیا۔ یہ سعادت میں نے اللہ تعالیٰ کی مدد سے حاصل کی) زندگی کے آخری ایام میں موٹے حروف والا قرآنِ کریم تو آپ عینک کی مدد سے پڑھ لیا کرتے تھے لیکن دینی کتب آپ اپنے بچوں سے پڑھوا کر سماعت فرمایا کرتے تھے قرآن پاک کے حوالے سے یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ کوئی بھی ماہر امراضِ چشم کسی ایسے مخصوص نمبر کا شیشہ تجویز نہ کر سکا جو کامیاب ہو سکتا۔ لیکن آپ مختلف نمبروں کے شیشوں کی حامل تین چار عینکوں کو دھاگے کی مدد سے جوڑ کر پہن لیتے تھے اور انتہائی آسانی کے ساتھ دن بھر تلاوت قرآن میں مصروف رہتے تھے۔ یہ قرآن

کریم کا اجازت نہیں تو کیا ہے؟ کم کھانا، کم سونا، اور کم بولنا حضرت قاضی محمد حسنؒ کے معمولات کا ایک اہم جز تھا۔ آپ کھانا انتہائی قلیل مقدار میں کھاتے تھے۔ غذا سادہ تھی۔ کدو مرغوب تھا۔ ذبیحہ کے حوالے سے آپ بہت محتاط تھے۔ جب تک یہ اطمینان نہ ہوتا کہ ذبح کرنے والا نمازی ہے، آپ گوشت ہرگز استعمال نہیں فرماتے تھے۔ اسی لیے زندگی بھر بازار کا گوشت استعمال نہیں فرمایا۔

کھانے کے حوالے سے احتیاط کا عالم یہ تھا کہ آپ جب 1971ء میں خشکی کے راستے بذریعہ بس حج کے لیے تشریف لے گئے۔ راستے میں قافلہ ٹھہرا۔ کچھ عورتوں نے کسی کھیت میں ساگ دیکھا تو لے آئیں۔ انہوں نے ساگ پکایا تو آپ کو بھی پیش کیا لیکن آپ نے کھانے سے اس لیے انکار فرما دیا کہ یہ مالک کی اجازت کے بغیر کھیت سے لایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی آپ صرف اسی شخص کے ہاتھ کا تیار کردہ کھانا تناول فرماتے تھے، جو پابند نماز ہو۔ آپ بے مقصد گفتگو سے پرہیز فرماتے تھے۔ آپ کی زبان مبارک قیل وقال محمد (ﷺ) ہی کے حوالے سے کھلا کرتی تھی۔

آپ انتہائی کم سوتے تھے۔ ایک سادہ اور معمولی سی چارپائی آپ کے زیر استعمال رہا کرتی تھی۔ دوپہر کو آپ سنت کی پیروی میں تھوڑی سی دیر کے لیے آرام فرماتے۔ آپ کے لیٹنے کا طریقہ ہمیشہ یہی ہوتا تھا کہ آپ دائیں کروٹ پر لیٹتے، ٹانگوں کو اکٹھا کر لیتے، دایاں ہاتھ دائیں رخسار کے نیچے رکھ لیتے اس طرح اسم محمد (ﷺ) کی صورت بن جاتی۔ رات کو جب بھی گھر والوں نے آپ کو دیکھا تو جاگتے پایا اور محوِ ذکر پایا۔ رات کو آپ کا طریق عبادت یہ تھا کہ آہستگی سے ذکر کرتے تھے۔ نماز تہجد کے لیے اٹھتے تھے تو وہ بھی اس انداز میں کہ گھر کے کسی فرد کے آرام میں خلل نہ آنے پائے۔ وضو تک خود کر لیا کرتے تھے۔ آخری دنوں میں کمزوری کے باوجود کسی کو تکلیف نہ دیتے تھے کہ آپ کو وضو کرائے۔ آپ کا لباس بہت سادہ ہوتا تھا۔ سفید لباس پسند فرماتے تھے۔ آپ نیا کپڑا ہمیشہ دھلوا کر پہنتے تھے۔ زندگی کے آخری چند سالوں کے سوا آپ عمامہ کی پابندی بھی کرتے رہے۔ آپ نے زندگی بھر زیادہ قیمتی لباس نہیں پہنا۔ زیادہ سردی میں کمبل اوڑھ لیا کرتے تھے۔

آپ اخلاق کریمانہ سے متصف تھے۔ ہر کسی کے ساتھ انتہائی شفقت اور محبت سے

پیش آتے تھے۔ مہمان نوازی آپ کی طبیعت ثانیہ بن چکی تھی۔ اپنے بزرگوں کا جاری کردہ لنگر آپ نے بھی حسب استطاعت جاری رکھا۔ جو کوئی بھی گھر میں آتا، آپ وقت اور موسم کے تقاضے کے مطابق کوشش کرتے کہ اسے کھانا، چائے یا شربت فراہم کیا جائے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ یہ اہتمام غریب اور امیر کی تمیز کے بغیر ہوتا تھا۔ جو کوئی بھی آپ سے ملاقات کے لیئے آتا، فیض یاب ہو کر لوٹتا۔ ہر کسی کے ساتھ خندہ پیشانی سے پیش آتے تھے اور کوشش یہ ہوتی تھی کہ مادی لنگر کے ساتھ ساتھ روحانی لنگر بھی فراہم کیا جائے۔ آپ بالعموم آنے والے سے کہا کرتے تھے کہ آپ آئے ہیں، تو دین کی کوئی نہ کوئی بات سُن کر جائیں۔ آپ جب کسی کو دین کی بات بتاتے تھے تو موقع و محل کے مطابق بعض اوقات کئی کئی گھنٹوں تک بات چیت چلتی رہتی تھی۔ آپ کا اندازِ گفتگو متاثر کن ہوتا تھا، عام لوگوں سے عام فہم انداز میں بات ہوتی تھی۔ ستر سال سے اوپر عمر کے دوران بھی آواز کی توانائی کا یہ عالم تھا کہ محسوس یوں ہوتا تھا کہ شاید کسی نوجوان کی آواز ہے۔ صبر و تحمل اور استقامت کا عالم یہ تھا کہ بڑی سے بڑی مشکلات کے دوران بھی آپ اپنے نرم رویے کو برقرار رکھتے۔ کئی لوگوں کی جانب سے آپ کی بلاوجہ مخالفت ہوئی۔ آپ کو دکھ دیئے گئے۔ آپ کے ساتھ زیادتیاں بھی ہوئیں۔ زیادتیوں کے یہ سلسلے آپ کے بزرگوں کے ساتھ بھی چلتے رہے لیکن ضبط و تحمل کی جو کیفیات آپ کے اکابر کے ہاں تھیں، وہی آپ کے ہاں بھی موجود تھیں۔ آپ نے زندگی بھر کسی سے ذاتی انتقام نہیں لیا۔

ذاتی طور پر آپ رافت و رحمت کا پیکر تھے۔ لیکن دین کے حوالے سے آپ کے ہاں اس قدر غیرت و حمیت و حیا کی تھی کہ جہاں بھی کوئی خلاف شرع معاملہ دیکھا، وہاں صورتحال درست کرنے کے لیئے آپ نے ہمیشہ آواز بلند کی۔ اس حوالے سے آپ اپنے یا بیگانے کی، رشتہ دار یا غیر رشتہ دار کی تمیز نہ کرتے کیونکہ آپ کے نزدیک "اَلْحُبُّ لِلّٰہِ وَالْبُغْضُ لِلّٰہِ" کا اصول کارفرما تھا۔ آپ جس کسی سے محبت کرتے تھے اللہ پاک کی خاطر کرتے تھے۔ اور جس کسی سے نفرت کرتے تھے، وہ بھی اللہ ہی کی خاطر۔

آپ سے زیادہ کوئی کیا جان سکتا تھا کہ تصوف نام ہی ہے اپنے آپ کو ظاہری اور باطنی ہر دو لحاظ سے اللہ تعالیٰ اور رسول کریم ﷺ کے لیئے وقف کر دینے کا۔ اگر اللہ اور رسول اللہ ﷺ کی رضا کے مطابق اپنے ظاہر کو سنوارنے کا نام شریعت ہے تو باطنی طور پر اسی انداز میں اپنے آپ کو سنوارنا طریقت ہے۔ آپ زندگی بھر تقویٰ پر کار بند رہے۔ یہانتک کہ خلاف احتیاط اور مشکوک معاملات سے بھی پرہیز کرتے رہے۔ کھانے پینے کی نیز دیگر استعمالی چیزوں کے معاملے میں بھی آپ کمال درجہ کی احتیاط فرماتے تا کہ طہارت کے تقاضے قائم رہ سکیں۔ کھانا پکانے کے برتن، چائے اور پانی کے برتن اور وضو کا لوٹا ہر طرح سے پاک وصاف ہوتے۔ ہر قسم کے برتن آپ کے لیئے الگ رکھے جاتے۔ کسی غیر محتاط شخص کو برتنوں کو ہاتھ لگانے کی اجازت نہیں ہوتی تھی۔ جن لوگوں کا پاک وصاف ہونا یقینی ہوتا، صرف وہی شخص آپ کے استعمال کی چیزوں کو اٹھاتے یا چھوتے تھے۔ آپ کھانا بھی اسی شخص کے ہاتھ کا پکا ہوا کھاتے تھے جو پابند نماز ہو۔ تاہم آپ کی جانب سے بارہا یہ وضاحت ہوتی تھی کہ اس احتیاط کے پس منظر میں کسی سے نفرت کارفرما نہیں بلکہ یہ رویہ زیادہ سے زیادہ پاکیزگی اور صفائی کے اہتمام کے لیئے ہے کیونکہ از روئے حدیث پاک "اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ" یعنی پاکیزگی ایمان کا حصہ ہے۔ آپ مزید وضاحت فرمایا کرتے تھے کہ عام دنیادار لوگوں کی اپنی مجبوریاں ہوتی ہیں۔ لہٰذا وہ اس حد تک صفائی کا اہتمام نہیں کر سکتے۔ کنوئیں سے پانی بھرتے وقت ڈول میں ہاتھ ڈالنے سے بھی منع فرماتے۔ اسی طرح آپ اس بات کو بھی ناپسند فرماتے کہ جہاں پاؤں رکھے جاتے ہوں، وہیں ڈول بھی رکھا جائے۔

طہارت کے حوالے سے آپ کی یہ خوبی بھی تھی کہ ہمیشہ باوضو رہتے تھے۔ علاوہ ازیں باوجود باوضو ہونے کے آپ ہر نماز کے لیئے تازہ وضو کرتے تھے۔

آداب کے حوالے سے آپ بہت محتاط تھے۔ یہ احتیاط آپ کو اپنے اکابر سے ورثے میں ملی تھی۔ آپ کے والدِ گرامی قاضی احمد حقؒ کے بارے میں حاجی سلطان محمد ساکن کوٹلہ بیان

کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ آپ رفع حاجت کے لیئے گھر سے باہر تشریف لے گئے۔ میں بھی آپ کے ہمراہ تھا۔ ابھی راستے ہی میں تھے کہ واپس آ گئے۔ جیب سے تسبیح نکال کر گھر رکھ دی۔ پھر چل پڑے میرے پوچھنے پر آپ نے بتایا کہ" راستے میں مجھے اچانک خیال آیا کہ تسبیح جیب میں ہے۔ تسبیح چونکہ اللہ تعالیٰ کی یاد کا وسیلہ ہے۔ لہذا میں نے خلاف ادب سمجھا کہ تسبیح کے جیب میں ہوتے ہوئے رفع حاجت کروں"۔ قاضی محمد حسنؒ بھی تسبیح کا ادب کرتے تھے۔ آپ تسبیح کا استعمال یوں کرتے تھے کہ تسبیح پاؤں کے ساتھ یا پاؤں والی جگہ مس نہ ہونے دیتے۔ آپ پاؤں کے ساتھ یا جوتی کے ساتھ مس ہونے والے ہاتھ تسبیح، قرآن کریم کے لیئے، دینی کتابوں کے لیئے تبرکات کے لیئے استعمال نہیں کرتے تھے۔ اسی بناء پر اگر کہیں پاؤں سے ہاتھ چھو جائیں یا جوتوں کو ہاتھ لگانے پڑیں تو ہمیشہ ہاتھ دھو لیتے تھے۔ جہاں پاؤں رکھے جاتے ہیں، ایسی کسی بھی جگہ آپ کوئی بھی قابلِ احترام چیز نہیں رکھتے تھے۔

بارگاہِ رسالت مآب (ﷺ) کے حوالے سے آپ انتہائی محتاط تھے۔ آپ کے نزدیک ایمان محبت و ادبِ رسول (ﷺ) ہی کا دوسرا نام ہے۔ آپ مدینہ منورہ سے تعلق رکھنے والی ہر شے کا ادب و احترام ضروری سمجھتے تھے۔ دراصل اس شہر پاک کی ہر چیز متبرک اور مقدس ہے۔ یہانتک کہ اس کے غبار میں بھی شفاء رکھی گئی ہے۔ ابن نجار سے روایت نقل کی گئی ہے کہ جب رسول کریم ﷺ غزوہ تبوک سے واپس تشریف لائے تو چند ساتھی مدینہ منورہ سے باہر آپ ﷺ کے استقبال کے لیئے تشریف لائے۔ ان کے آنے سے غبار اڑی۔ چند صحابہ کرام نے غبار سے بچنے کے لیئے منہ پر کپڑا ڈال لیا۔ حضور ﷺ نے ان کے چہروں سے کپڑا ہٹاتے ہوئے فرمایا:

" والذی نفسی بیدہ انّ فی غبارھا شفاء من کلّ داء " (اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، بیشک مدینہ پاک کے گرد و غبار میں بھی شفاء ہے)۔ آپ مدینہ منورہ کے باشندوں کا، اس شہر پاک کے بازاروں کا، در و دیوار کا، مٹی تک کے احترام کی تاکید فرمایا کرتے تھے۔ آپ نصیحت فرمایا کرتے تھے کہ مدینہ شریف کی باسی روٹی کو بھی باسی نہ کہا

جائے۔ غرض یہ کہ وہاں کی کسی شے میں نقص نہ نکالا جائے۔ آپ بالعموم فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی مدینہ پاک کے دہی کو کھٹا کہہ دے تو وہ بھی کافر ہو جاتا ہے۔ حضرت امام مالکؒ کے بارے میں روایت ہے کہ آپ نے اس شخص کو تیس درے مارنے کا حکم صادر فرما دیا تھا جس نے کہا تھا کہ مدینہ منورہ کی مٹی ناقص ہے اس کو قید کرنے کا حکم بھی دیا اور فرمایا کہ یہ شخص قتل کے قابل ہے۔ حضرت امام مالکؒ کا اپنا یہ حال تھا کہ زندگی بھر ادب و احترام کی وجہ سے مدینہ شریف کی حدود میں گھوڑے پر سواری نہیں کی، ان حدود میں پیشاب پاخانہ نہیں کیا۔ آپ مدینہ منورہ سے تعلق رکھنے والی ہر ہر شے کا ادب و احترام ضروری سمجھتے تھے۔ آپ کا عقیدہ یہاں تک تھا کہ اگر کوئی مدینہ پاک کے دہی کو کھٹا کہہ دے تو وہ بھی دائرہ ایمان سے خارج ہے۔

آپ ہر قمری مہینے کے کسی نہ کسی سوموار کو اپنے بچوں کو بٹھا کر ذکر رسول ﷺ کی محفل کا انعقاد کیا کرتے۔ ربیع الاول کے مہینے میں یہ محفل دو مرتبہ ہوتی۔ آپ ہر جمعۃ المبارک کو نماز ظہر کے بعد مدینہ منورہ کی جانب رخ کر کے سرکار مدینہ ﷺ کی بارگاہ عالی میں درود و سلام کا نذرانہ پیش کرتے۔ بالعموم قصیدہ بردہ شریف کے اشعار آپ کی زبان مبارک پر رہتے۔ آپ دوسروں کو بھی درود شریف کثرت سے پڑھنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ جب آپ حج کے لیے گئے تو راستے میں نمونیہ ہو گیا۔ بعض ساتھیوں نے وطن واپسی کا مشورہ دیا لیکن آپ نے اس خیال سے مشورہ مسترد فرما دیا کہ دیار حبیب ﷺ کے راستے میں موت آ جائے تو گوارا ہے لیکن وطن واپسی گوارا نہیں۔

آپ راسخ العقیدہ تھے۔ اس دور میں جبکہ عقائد کا فساد بڑے بڑے علمی گھرانوں کو بھی لپیٹ میں لے رہا ہے، آپ عقائد کی حفاظت کی سختی سے تاکید فرمایا کرتے تھے۔ تاہم آپ بلا تحقیق محض مخالفت برائے مخالفت کے جذبے میں آ کر کسی کو بدعقیدہ کہہ دینے کے سخت مخالف تھے۔ بات بات پر فتویٰ عائد کر دینا بھی آپ کے مسلک و مشرب کے خلاف تھا۔ آپ کے نزدیک رسول کریم ﷺ دیگر تمام انبیاء کرام اور رسولان عظام (علیہ السلام) حضور ﷺ کے اہل بیت،

آپ کے صحابۂ کرام اور تمام اولیاء و شہداء و عظام کا ادب اور ان کے ساتھ محبت، درست عقیدے کی بنیاد ہے بلکہ صحیح عقیدے کی جان ہے۔ آپ عقیدۂ صحیحہ کی تعلیم لوگوں کو دیا کرتے تھے لیکن عالمانہ انداز میں۔ اس ضمن میں فرقہ وارانہ انداز اپنانا آپ کے نزدیک دین کی خدمت کے منافی تھا۔ یہ بھی ذکر کر دینا بیجا نہ ہوگا کہ نبیٔ اُمّی ﷺ اور آپ کے محبوبوں کی شان میں گستاخی کا مظاہرہ کرنے والا آپ کے نزدیک کسی بھی رورعایت کا مستحق نہیں تھا، خواہ وہ رشتہ دار ہو یا غیر رشتہ دار، عامی ہو یا عالم کہلانے والا ہو۔

آپ عجز و انکسار کا پیکر تھے۔ تکبر کا نام و نشان تک نہیں تھا۔ آپ تحمل اور بُردباری کی دولت سے مالا مال تھے۔ آپ ایک داعیانہ طبیعت کے مالک تھے لہٰذا آپ حالات کے ساتھ سمجھوتہ کرنے کے قائل نہیں تھے۔ آپ مجموعی طور پر خاموش مزاج کے حامل تھے۔ لیکن حق گوئی و بیباکی کا جذبہ آپ کے ہاں اس حد تک غالب تھا کہ ہر خلافِ شرع امر کو دیکھ کر اس پر نکیر فرماتے تھے۔ دین پر عمل کے حوالے سے ذرا سی بھی غفلت آپ کو گوارا نہ تھی۔ روایت کیا جاتا ہے کہ ایک مرتبہ دورانِ ملازمت آپ نمازِ ظہر کی ادائیگی کے بعد اپنے کسی شناسا افسر کے ہاں چلے گئے۔ جو اُس وقت کمرۂ عدالت میں مصروف تھے۔ انہوں نے آپ سے پوچھا کہ صوفی صاحب! کیا آپ نماز پڑھ آئے ہیں۔ آپ نے اثبات میں جواب دیا اور ان سے پوچھا کہ کیا آپ بھی نماز ادا کر چکے ہیں۔ مذکورہ افسر نے جواب دیا ابھی تک تو نہیں پڑھی۔ قاضی صاحب نے بھری عدالت میں فرمایا آپ نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان نہیں پڑھا کہ مَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَىٰ یعنی جو میرے ذکر سے روگردانی کرے گا، ہم اُس کیلئے اُس کی معیشت کو تنگ بنا دیں گے۔ اور قیامت کے روز اسے اندھا ہونے کی حالت میں اٹھائیں گے۔ متعلقہ افسر پر آپ کی گفتگو کا اتنا اثر ہوا کہ اس نے کہا کہ "صوفی صاحب! مجھے یہ آیتِ قرآنی دوبارہ پڑھ کر سنایئے۔ آپ زندگی بھر اسی طرح لوگوں کو دینِ حق کی پیروی کی تلقین فرماتے رہے۔

آپ قُربِ الٰہی اور قُربِ مصطفےٰ ﷺ کی جستجو میں اپنی زندگی گزار کر
28 صفر 1404ھ (بمطابق 4 دسمبر 1983ء) اس دنیا سے تشریف لے گئے۔ قاضی رئیس احمد، آپ کے چھوٹے بیٹے ان دنوں بسلسلہ ملازمت راولپنڈی میں رہائش پذیر تھے۔ جمعرات کی شام اپنے آبائی گاؤں میں آتے تھے اور ہفتہ کی صبح راولپنڈی کے لیئے روانہ ہو جاتے تھے۔ قاضی صاحبؒ نے اپنی وفات سے چند یوم قبل 30 نومبر بروز جمعہ انہیں بھی اور اپنی اولادؒ کو بلا کر وصیت فرمائی کہ ان کی وفات کی صورت میں اُن کے طریقۂ زندگی جو کہ طریق سنت ہے، کی پیروی جاری رکھی جائے۔ عقائد اہلِ سنت والجماعت پر سختی کے ساتھ قائم رہا جائے۔ دنیا سے رخصت ہو جانے والوں کی ارواح کے ایصالِ ثواب کے لیئے اُن کا روزمرہ کا معمول اُن کے بعد بھی قائم رکھا جائے۔ ماہانہ محفلِ میلاد اور ربیع الاوّل کے مبارک مہینے میں دو مرتبہ محفلِ میلاد کا معمول برقرار رکھا جائے۔ آپ نے سختی کے ساتھ یہ ھدایت بھی فرمائی کہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ بارگاہِ رسالت ﷺ کا کوئی گستاخ اُن کی نمازِ جنازہ کی امامت کے لیئے آگے نہ آنے پائے۔ آپ نے قاضی رئیس احمد کو نمازِ جنازہ کی امامت کیلیئے وصیت فرمائی۔ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اگر ایسا کرنا بآسانی ممکن ہو تو تدفین کے بعد قبر کے نزدیک اللہ تعالیٰ کی یاد کے لیئے یکے بعد دیگرے کسی نہ کسی بندے کے بٹھانے کا اھتمام کیا جائے۔ یہانتک کہ جمعرات کا سورج غروب ہو جائے یعنی جمعۃ المبارک کی ساعت کا آغاز ہو جائے۔ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ آپ زندگی بھر نماز کھڑے ہو کر پڑھتے رہے۔ تاہم آپ کی زندگی کی آخری نماز اس سے مستثنٰی ہے۔ وفات سے چند یوم پہلے آپ کی طبیعت ناساز تھی۔ وفات سے پہلے آپ لیٹے ہوئے تھے۔ آپ کے پوچھنے پر جب آپ کو بتایا گیا کہ نمازِ ظہر کا اوّل وقت ہو چکا ہے تو آپ نے لیٹے ہونے کی حالت میں اشاروں سے نمازِ ظہر پڑھی نماز سے فراغت کے بعد آپ کی روحِ مبارک قفسِ عنصری سے پرواز کر گئی گویا کہ بارگاہِ ربوبیت سے آپ کو یہ پیغام آ پہنچا: يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي إِلَىٰ رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً فَادْخُلِي فِي عِبَادِي وَادْخُلِي جَنَّتِي اے نفسِ مطمئنہ لوٹ اپنے رب کی

طرف اس حال میں کر تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی پھر میرے خاص بندوں میں شامل ہو اور میری جنت میں داخل ہو جائے۔

آپ کا مزار اقدس بستی کے عام قبرستان سے متصل واقع ہے اور سرچشمہ فیض کے طور پر کام کر رہا ہے۔ یہ آپ کے مستور الحال رہنے کی آرزو کا نتیجہ تھا کہ آپ کی ظاہری زندگی کے دوران لوگ اس انداز میں آپ کے مقام و مرتبہ کو پہچان نہ سکے، جس طرح کہ آپ کے وصال کے بعد لوگوں کا رجحان آپ کی شخصیت کی جانب ہوا۔ آپ کے مزار اقدس پر جو سالانہ اجتماع منعقد ہوتا ہے، اس میں شرکاء کی تعداد کا عالم یہ ہوتا ہے کہ ہر برس اس میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ عام دنوں میں بھی زائرین کی آمد و رفت کا سلسلہ چلتا رہتا ہے۔ آپ کے وصال کے بعد فیضان کی صورتحال کچھ یوں ہے کہ دن بدن انوار و برکات کا نزول بڑھتا چلا جا رہا ہے۔ اور آستانہ عالیہ کے دینی مشن میں روز بروز نکھار آ رہا ہے بالخصوص نوجوانوں کی روحانی اور اخلاقی تربیت بلندیوں کو چھو رہی ہے۔ حضرت قاضی محمد حسن کی اہلیہ محترمہ بھی خاندان کی دیگر خواتین کی طرح ایک پاکباز، پرہیزگار اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔ آپ کا شجرۂ نسب چھتیسویں (۳۶) پشت میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اور پینتیسویں (۳۵) پشت میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے جبکہ آپ کا نسبی سلسلہ حضرت حافظ محمد عبداللہ المعروف دیوان حضوری قادری رحمتہ اللہ علیہ کے چچا حضرت جلال الدین رحمتہ اللہ علیہ سے گیارھویں پشت میں جا ملتا ہے۔ آپ کا سلسلہ طریقت حضرت سلطان العارفین سلطان باھو رحمتہ اللہ علیہ کی اولاد پاک میں سے حضرت حافظ محمد فیض سلطان رحمتہ اللہ علیہ کی وساطت سے بائیسویں (۲۲) پشت میں حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ سے جا ملتا ہے۔ تیئسویں (۲۳)

آپ نے اپنی زندگی انتہائی سادہ انداز میں گزاری۔ جب تک آپ کی صحت نے اجازت دی، گھر کے تمام کام کاج مثلاً گھر میں جھاڑو دینا، کھانا پکانا، چکی پیسنا آپ خود ہی انجام دیتی تھیں۔ معاشی حالت ناساز گار ہوتے ہوئے بھی آپ کے ہاں سخاوت و ایثار کا جذبہ موجود

تھا۔آپ غرباء اور مساکین کا خصوصی خیال رکھا کرتی تھیں۔جب آپ خود کھانا پکانے کا اہتمام کرنے کے قابل نہ رہیں، تو اس عرصے میں بھی اپنی صاحبزادیوں کو ہدایت کیا کرتی تھیں کہ ترکاری اور روٹی پکاؤ تو اپنے گھر کی ضرورت سے کچھ زیادہ پکاؤ شاید کوئی ضرورتمند آجائے۔مہمان نوازی کا جذبہ آپ کے ہاں بدرجہ اتم موجود تھا۔جب بھی گھر میں کوئی فرد آجاتا تو آپ کی پوری کوشش ہوتی کہ وقت کے تقاضے کے مطابق وہ لازمی طور پر کھانا کھا کر یا چائے پی کر جائے۔آپ کی زندگی میں ارشادِ ربانی وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ کی عملی تعبیر بھرپور انداز میں موجود تھی۔آپ کبھی بھی کسی سائل کو جھڑکتی نہیں تھیں۔کسی بھی ایسے شخص سے تغافل کا رویہ آپ اختیار نہیں فرماتی تھیں۔جو کوئی بھی غم میں گھرا ہوا آپ کی خدمت میں آتا لوٹتے ہوئے آپ کی دعاؤں اور تسلی آمیز کلمات کے نتیجے میں اپنی جھولی سکون کی خیرات سے بھر کے لے جاتا۔دراصل آپ ہر کسی کے ساتھ شفقت و محبت سے پیش آتیں۔آپ صاحب علم تھیں۔صاحب تقویٰ تھیں۔صاحب خلق عظیم تھیں آپ صاحب حلم تھیں۔بعض لوگوں کی جانب سے ایذا اور سازشوں کے باوجود انتقامی کاروائی تو درکنار، آپ کی جانب سے کبھی اُف تک نہیں ہوتی تھی۔صبر و تحمل اور برداشت کا جذبہ پورے کمال کے ساتھ آپ کی ذات میں موجود تھا۔آپ کی جانب سے دوسروں کیلئے بھی ترغیب یہی ہوتی تھی کہ ناسازگار حالات میں صبر سے کام لیا جائے اور مخالفین کی ریشہ دوانیوں اور سازشوں کے مواقع پر انہیں برا بھلا نہ کہا جائے، اُن سے انتقام لینے کا تصور بھی نہ کیا جائے بلکہ معاملات اللہ تعالیٰ کے سپرد کیئے جائیں۔اگر کسی موقع پر کسی ایسے شخص کو بھی آپ سے واسطہ پڑ جاتا، جس نے زندگی کے کسی مرحلے پر آپ کو کوئی دکھ دیا ہوتا تو آپ کا طریقہ یہ ہوتا کہ اس کی سابقہ غلطیوں اور کوتاہیوں کو جتلایا نہ جائے بلکہ حضور تعالیٰ نے یہ توقع کہ آپ اس کے ساتھ بھی عفو و درگزر کا رویہ اختیار فرماتے۔

آپ کے دل پر خوف الٰہی کا بھرپور غلبہ تھا۔اسی طرح عذاب قبر اور عذاب دوزخ کا خوف بھی شدت کے ساتھ آپ پر غالب تھا۔آپ دوسروں کو بھی اس جانب متوجہ کیا کرتی تھیں۔

آپ ترغیب دیا کرتی تھیں کہ قبر اور دوزخ کے عذاب سے بچنے کے لیئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں التجا بھی کرتے رہنا چاہیے اور عملی طور پر بھی حفاظتی تدابیر اپنانا چاہیں۔ آپ فضول گفتگو نہیں کرتی تھیں۔ اس حوالے سے آپ کا نکتہ نظریہ تھا کہ گفتگو بہت کم کرنی چاہیئے اور وہ بھی مناسب حد تک، اس لیئے کہ انسان اپنی زبان سے جو کچھ بھی کہتا ہے فرشتے اسے لکھ لیتے ہیں۔ نماز پنجگانہ کے ساتھ ساتھ آپ نوافل کی پابند بھی تھیں۔ ذکر الٰہی اور درود پاک کی کثرت نیز تلاوت قرآن کریم اور دیگر اوراد و وظائف آپ کے معمولات میں سے تھے۔ آپ دوسروں کو بھی ایسا ہی طرز عمل اپنانے کی ترغیب دیا کرتی تھیں۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق کے لیئے محبت آپ کی رگ رگ میں بسی ہوئی تھی۔ پرندوں اور جانوروں کی خدمت کا جذبہ بھی آپ کے ہاں موجود تھا۔ آپ نے گھر میں مرغیاں بھی رکھی تھیں۔ ان کے لیئے کھانا اور پانی کا اهتمام بڑی پابندی کے ساتھ کرتی تھیں۔ اسی طرح زندگی بھر آپ کا یہ معمول رہا کہ روٹی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیا کرتی تھیں اور پرندوں کو ڈال دیا کرتی تھیں۔ حضرت قاضی محمد حسنؒ کی وفات کے بعد آپ نے اپنی باقیماندہ پندرہ سالہ زندگی کو کلی طور پر خدمتِ خلق کے لیے وقف کیئے رکھا۔ آپ اپنی پُرسوز دعاؤں کے ذریعے اور رُوحانی علاج کی وساطت سے وسیع پیمانے پر دکھی انسانیت کی خدمت انجام دیتی رہیں۔ آپ کی راتیں اللہ تعالیٰ کی یاد میں گزرتیں تو دن اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی خدمت میں بسر ہوتے۔ آپ نے زندگی میں دکھ سہے، تکلیفیں اٹھائیں، فاقے برداشت کیے، بے آرامی اور بے سکونی برداشت کی لیکن، جیسا کہ پہلے ذکر ہوا کبھی کسی سائل کو، کسی شکستہ دل کو اپنے آرام کی خاطر ٹالا نہیں۔ جو سائل بھی آپ کی خدمت میں پہنچا اور جس وقت بھی پہنچا، خود تکلیف میں ہوتے ہوئے بھی اُس کی داستان الم کو شفقت سے، محبت سے اور پوری توجہ سے سُنا۔ اُسے دعاؤں سے بھی نوازا، حسب ضرورت شرعی حدود کے اندر رہتے ہوئے اُسے تعویذ اور دم وغیرہ کے ذریعے اسے روحانی علاج بھی فراہم کیا، پابندی نماز کی، دیگر فرائض و واجبات کی ادائیگی کی اور گناہوں سے پرہیز کی تلقین کی۔ جو جو لوگ آپ سے قریب ہوئے، وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ آپ نے مصائب و آلام میں

گھری ہوئی مخلوق کا دُکھ بانٹنے اور ان میں سکون کی دولت لٹانے کے لیئے اپنی زندگی وقف کیئے رکھی۔

حضرت قاضی محمد حسنؒ کی اہلیہ محترمہ کی وساطت سے جن افراد نے فیض و کرم کی خیرات سے اپنے اپنے دامن کو مالا مال کیا، اگر اُن کے مشاھدات اور تاثرات کو قلمبند کیا جائے تو ایک ضخیم کتاب مرتب کی جاسکتی ہے۔ اسی قسم کی ایک سرگزشت جناب فضل الرحمان عظیمی، جو اُس وقت نظامتِ تعلیمات، مری روڈ، راولپنڈی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے عہدے پر فائز تھے، نے 17 جنوری 1997ء کو تحریر کی۔ آپ بتاتے ہیں کہ 1993ء میں اُن کی اہلیہ شدید بیمار ہو گئی۔ ابتداءً انہیں نجی طور پر کام کرنے والے ڈاکٹروں سے اُن کا علاج کرایا جاتا رہا جبکہ بالآخر پریشان ہو کر انہیں کنٹونمنٹ بورڈ ہسپتال، راولپنڈی صدر میں داخل کروادیا۔ باہر سے ادویہ کی خریداری اور مختلف قسم کے ٹیکوں (یعنی طبی معائنوں) پر تقریباً پانچ ہزار روپے یومیہ خرچ ہونے لگا لیکن مرض میں افاقہ نہ ہوا۔ تقریباً چھ سات ماہ کا عرصہ یونہی گزر گیا۔ بعد ازاں مشکل مرض کی تشخیص ہوئی کہ ٹائیفائیڈ (یعنی طویل المیعاد) بخار ہو گیا ہے جس سے قیمتی دوائیں استعمال کرانے کے باوجود شفاء نہ ہو رہی تھی۔ مریضہ کا کھانا پینا چھوٹ گیا تھا۔ جسمانی کمزوری کا عالم یہ تھا کہ حرکت کرنا تو درکنار بات کرنا بھی دشوار ہو چکا تھا۔ عظیمی صاحب کا کہنا ہے کہ اگرچہ مایوس ہونا گناہ ہے لیکن حالات و واقعات نے انہیں مایوس کر دیا تھا۔ مریضہ جن ڈاکٹر صاحب کے زیرِ علاج تھی اُن کا بیان تھا کہ وہ اپنے چالیس سالہ تجربے کو پوری طرح آزما چکے ہیں۔ لیکن نجانے پھر بھی مریضہ تندرست کیوں نہیں ہو رہی تھی۔ ایک شام صورتحال کی نزاکت کے باعث جب عظیمی صاحب، شدید حد تک پریشانی میں مبتلا تھے تو انہیں اس کیفیت میں دیکھ کر ایک نرس ان کے قریب آئی اور کہنے لگی کہ بھائی جان میں دیکھ رہی ہوں کہ آپ اتنے عرصے سے ان کا علاج کروا رہے ہیں مگر افاقہ نہیں ہو رہا۔ اگر آپ میری ایک بات مانیں تو ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن پر اپنا فضل و کرم کرے اور ان کی صحت بحال ہو جائے۔ رواٹ کے قریب تخت پڑی ایک مقام ہے وہاں سے تھوڑے فاصلے پر ڈھوک قاضیاں

نامی ایک گاؤں ہے، جس میں ایک بہت بڑے بزرگ قاضی صاحب ہوئے ہیں۔ وہ تو اب اس دنیا میں موجود نہیں لیکن اُن کی اہلیہ اور اُن کے بچے بڑے اللہ والے لوگ ہیں۔ آپ ایک چادر لے جائیں اور اُن سے دم کروا کر مریضہ کے اوپر ڈال دیں، انشاءاللہ ٹائیفائیڈ جاتا رہے گا۔ ورنہ یہاں ہسپتال میں تو آپ ایک سال تک بھی انہیں رکھیں تو کوئی افاقہ نہیں ہوگا۔" عظیمی صاحب لکھتے ہیں کہ وہ عقیدے کے لحاظ سے دم وغیرہ کے قائل نہیں تھے۔ لیکن سوچا کہ چلو، اگر دم وغیرہ سے مریضہ کو صحت ملتی ہے تو کیوں نہ اسے آزما لیا جائے۔ عظیمی صاحب پر کیا بیتی؟ وہ انہی کے الفاظ میں ملاحظہ کیجئے۔ لکھتے ہیں:۔

2 مئی 1993ء کو صبح سویرے ایک چادر ساتھ لیکر میں روات کی طرف چل پڑا۔ روات پہنچ کر تخت پڑی جانے کے لیے ایک سوزوکی پر بیٹھا۔ سوزوکی میں بیٹھے ہوئے ایک صاحب سے ڈھوک قاضیاں کا پتہ پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ وہ تخت پڑی سے تقریباً دو کلومیٹر کے فاصلے پر ہے وہاں بیٹھی ہوئی ایک خاتون نے کہا آپ فکر نہ کریں میں آپ کو پہنچا دوں گی۔ آہستہ آہستہ سورج بلند ہو رہا تھا اور گرمی میں شدت آ رہی تھی۔ گرمی اور گھٹن سے سواریاں پسینے سے شرابور تھیں۔

تخت پڑی میں سوزوکی سے اتر کر میں اس خاتون کے ہمراہ چل پڑا۔ ایک گہری کھائی عبور کرنے کے بعد ایک جنگل سا شروع ہو گیا۔ ہم دونوں اس جنگل میں چلتے جا رہے تھے۔ جنگل میں ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی اور گرمی کا نام و نشان نہ تھا۔ چھوٹی چھوٹی جھاڑیاں ادھر اُدھر اُگی ہوئی تھیں۔ مجھے یہ منظر بہت بھلی معلوم ہوئی۔ بہن نسیم اختر نے بتایا کہ ان کا کنبہ آج کل راولپنڈی صدر کے علاقے میں رہائش پذیر ہے۔ لیکن دراصل وہ ڈھوک قاضیاں ہی کی رہنے والی ہیں۔ جہاں کے ایک بڑے ولی اللہ قاضی محمد حسنؒ ہوئے ہیں۔ وہ اسی گھرانے کی مرید ہیں۔ قاضی صاحب دنیا سے پردہ فرما چکے ہیں اور اب ان کی بیوہ اور اولاد موجود ہے، جو بے حد نیک لوگ ہیں اور صحیح معنوں میں اللہ والے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ مائی جی اور اُن کی اولاد کی دعا بارگاہِ خداوندی میں قبول ہو جاتی ہے۔ اور ٹائیفائیڈ کا جو مریض بھی چادر دم کروا کر لے جاتا ہے اللہ تعالیٰ

اُسے ضرور شفا دیتا ہے۔ لہذا انشاءاللہ آپ کی زوجہ کی بیماری بھی دور ہو جائے گی آپ بالکل فکر نہ کریں۔

جنگل کے ساتھ ہی ڈھوک قاضیاں کی حدود شروع ہو گئی۔ مجھے اس بات سے بڑی حیرت ہوئی کہ ڈھوک قاضیاں کی حدود شروع ہوتے ہی میرے ذہن پر تفکر اور پریشانی کا جو غبار تھا وہ فوراً ختم ہو گیا۔ بلکہ طبیعت میں ایک قسم کا سرور پیدا ہونا شروع ہو گیا۔ جوں جوں نزدیک پہنچتے گئے، میری طبیعت ہشاش بشاش ہوتی گئی۔ دل نے کہا کہ واقعی یہ ولی اللہ ہیں۔

ان شاءاللہ اب میری اہلیہ کی بیماری دور ہو جائے گی۔ جب گاؤں کے قریب پہنچے تو بہن نسیم اختر نے مشرق کی جانب اشارہ کر کے بتایا کہ وہ قاضی صاحب کا روضہ ہے۔ میرے ہاتھ بے اختیار اُٹھ گئے اور میں چلتے چلتے فاتحہ پڑھنے لگا۔ فاتحہ کے بعد چند اشعار اس بزرگ کی تعریف میں میری زبان پر جاری ہو گئے۔ لیکن چونکہ میرے پاس کاغذ قلم نہیں تھا اس لیے ضبط تحریر میں نہ لا سکا۔ جن میں سے اکثر اب بھول چکا ہوں۔ لیکن جو چند ایک یاد رہ گئے ہیں وہ یہاں درج کرتا ہوں۔

واقعی قاضی حسن تُو ہے ولی باکمال	ملتی ہے بہت کم دہر میں تیری مثال
تیرے روضے سے عیاں تیرا فقیرانہ جلال	دہر میں ملتی ہیں ایسی ہستیاں تو خال خال
عمر بھر تو کار بند اُسوۂ حسنہ رہا	پیروی سنتِ محبوب ِ حق کرتا رہا
سینہ ات معمور از حُبِّ خدا و مصطفےٰ	وقف کر دی عمر در پابندیٔ حکمِ خدا
صورتِ پروانہ گرد شمع حق رقصاں بدی	در مصاف زیست باسعی و عمل پویاں بدی

ای کہ آرا میدہ در فردوس جانِ پاک تو

من درودے می رسانم بر روانِ پاک تو

جب ہم گاؤں میں پہنچے تو بہن نسیم اختر مجھے ایک سادہ سے مکان کے دروازے پر کھڑا کر کے یہ کہہ کر اندر چلی گئی کہ "ٹھہرو میں ابھی آتی ہوں"۔ چند لمحوں میں واپس آ کر مجھے اپنے ساتھ اندر لے گئی ایک کمرے کا دروازہ کھول کر مجھے اندر آنے کا اشارہ کیا۔ اندر گیا تو دیکھا کہ سادہ سا

بیٹھک نما ایک کمرہ ہے جس میں ایک دری بچھی ہوئی ہے۔ میں فرش پر دری کے اوپر بیٹھ گیا اور بہن اختر اندر چلی گئی۔

یہاں میں ایک اور چھوٹا سا واقعہ بیان کرونگا جس سے ولی کی کرامت ظاہر ہوتی ہے۔ جب بہن اختر مجھے بٹھا کر اور مجھ سے چادر لے کر اندر چلی گئی تو میں اکیلا چند لمحے بیٹھا رہا۔ اہلیہ کی بیماری کی پریشانی کے باعث میں نے کئی ہفتوں سے پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا تھا بھوک بالکل نہیں لگتی تھی۔ اگر ایک دو نوالے کھانے کی کوشش کرتا تو حلق سے نیچے نہیں اترتے تھے۔ اب جو میں بیٹھک میں بیٹھا تو پریشانی دور ہونے سے دفعتاً میری بھوک چمک اٹھی اور اتنی شدت کی بھوک محسوس ہوئی کہ میں خواہش کرنے لگا کہ کسی طرح مجھے کھانا مل جائے۔ میں سوچنے لگا کہ یہاں سے فارغ ہونے کے بعد مجھے دو تین کلومیٹر پیدل چلنا پڑے گا اور میری حالت یہ ہے کہ میں بھوک کو برداشت نہیں کر سکتا۔ حالانکہ اس وقت دوپہر کے 12 بجے تھے۔ میں بھوک کی شدت سے بیتاب تھا۔ پیٹ الجوع الجوع پکار رہا تھا۔ گاؤں کے ماحول میں کوئی چیز ملنے کی توقع نہیں تھی۔ شہر قریب نہیں تھا کہ کسی ہوٹل سے کھانا کھالیتا۔ شرم دامنگیر تھی کہ کھانا کسی سے مانگوں۔ سوچا کہ یہاں سے فارغ ہونے کے بعد بہن نسیم اختر سے بے تکلفی کے ساتھ کہوں گا کہ مجھے کھانا کھلا دو۔ میں اسی اُدھیڑ بن میں تھا کہ یک لخت کمرے کا اندرونی دروازہ کھلا اور ایک فرشتہ خصلت نحیف و نزار بزرگ خاتون کمرے میں داخل ہوئیں۔ چہرے پر ایسا تقدس تھا کہ؂

دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

میں نے بڑی بڑی عزت مآب اور پاکیزہ سیرت خواتین کو دیکھا ہے لیکن اس مادر محترم کے مقابلے میں مجھے کوئی نظر نہیں آئی۔ دل نے کہا۔ یہی وہ ماں جی ہیں جن کا ذکر بہن اختر نے کیا تھا میں بے ارادہ ایک انجانی سی کیفیت میں اُن کے احترام میں بجلی کی سُرعت سے اُٹھ کھڑا ہوا۔ انہوں نے آتے ہی اپنا دستِ شفقت و محبت میرے سر سے کمر تک پھیرا۔ کیا بتاؤں کہ اُس دستِ شفقت نے مجھے کیسا سکون اور سُرور عطا کیا۔ آج ساڑھے تین سال سے زیادہ عرصہ گزرنے کے

باوجود میں اُس دستِ شفقت کی لذت محسوس کر رہا ہوں۔ وہ فوراً میرے پاس ہی فرش پر بیٹھ گئیں اور میں نے مختصراً اپنی اہلیہ کی بیماری کی داستان بیان کی۔ انھوں نے دُعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ مریضہ پر رحم فرمائے اور مجھے تسلی دی۔ پھر بتایا کہ اُن کے خاوند جناب قاضی محمد حسن صاحبؒ کا انتقال ہو چکا ہے جن کا گاؤں کے ساتھ ہی روضہ بھی بنا ہوا ہے۔ اور یہ کہ ان کے صاحبزادے قاضی رئیس احمد صاحب جو نیکی و شرافت میں اپنے باپ کی تصویر ہیں، وہ کمشنر راولپنڈی کے دفتر میں ملازم ہیں اور آج وہ اپنے دفتر گئے ہوئے ہیں۔ میرا جی قاضی رئیس احمد صاحب سے ملنے کو چاہ رہا تھا۔ سوچا کہ چلو واپسی پر انھیں دفتر میں مل لوں گا۔ تھوڑی دیر کے بعد ماں جی اُٹھیں اور کہا کہ ٹھہریے! میں آپ کے لیے کھانا بھجواتی ہوں۔ میں حیران رہ گیا کہ ماں جی کو میری بھوک کا کیسے احساس ہو گیا ہے۔ سوچا کہ یہ واقعی ایک ولی کی بیوی ہیں اور خود بھی ولی ہیں، جنھیں میری بھوک کا احساس ہو گیا ہے۔

تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ ایک سادہ سی خاتون کھانا لے کر آ گئی۔ شاید آپ کی کوئی مرید ہو گی۔ وہ کھانا رکھ کر چلی گئی کھانا کیا تھا ایک پلیٹ آلو کا سالن اور تین چار موٹی موٹی روٹیاں تھیں۔ سلاد کے طور پر تھوڑے سے پیاز کٹے ہوئے پلیٹ میں پڑے تھے۔ کھانا رکھ کر وہ خاتون چلی گئی اور میں نے کھانا شروع کر دیا میں دو روٹیاں کھا چکا ہوں گا کہ وہی خاتون پھر آئی اور مجھ سے پوچھا کہ کسی چیز کی ضرورت تو نہیں۔ میں نے بلا تکلف کہہ دیا کہ تھوڑا سا سالن اور دے دیں۔ وہ اور لے آئیں۔ میں نے تیسری روٹی بھی کھا لی۔ اور سیر ہو گیا۔ کھانا اتنا لذیذ تھا کہ کام و دہن آج تک اُسکی لذت محسوس کر رہے ہیں۔ مجھے یقین ہو گیا کہ جس بزرگ ماں جی کو میری بھوک کا حال معلوم ہو گیا ہے وہ واقعی ولی اللہ خاتون ہیں۔

تھوڑی دیر کے بعد ماں جی پھر کمرے میں داخل ہوئیں اور مجھے دم کی ہوئی چادر دیکر ہدایت کی کہ یہ مریضہ پر ڈال دیں اللہ رحم کرے گا۔ اگرچہ مجھے چادر لے کر اہلیہ کے پاس جانے کی جلدی تھی لیکن ساتھ ہی ماں جی کے حضور سے اُٹھنے کو جی نہیں چاہ رہا تھا۔ کافی وقت گزارنے کے

بعد باول نخواستہ اُٹھا اور اجازت چاہی۔ ماں جی نے بہت سی دعاؤں کے ساتھ مجھے رخصت کیا۔
بہن اختر پہلے ہی اجازت لیکر اپنے گھر چلی جا چکی تھی۔ میں اکیلا ہی وہاں سے چل پڑا۔ جب میں
حضرت قاضی محمد حسنؒ کے روضے کے سامنے پہنچا تو دلی کیفیت پہلے سے بھی زیادہ تیز ہو چکی تھی
سامنے تقریباً ایک ڈیڑھ فرلانگ پر روضہ تھا اور میں کھیتوں کی منڈیروں (بنے بنے) چل رہا تھا۔
فاتحہ پڑھتا جاتا تھا۔ تھوڑی دور جاتا اور پھر پہلی جگہ پر واپس آ جاتا۔ اسی آمد و رفت میں بہت دیر
گزر گئی۔ مجھے مکمل یقین ہو چکا تھا کہ اب میری اہلیہ کی بیماری دُور ہو جائے گی۔ قلب پر ایک سرور
کی کیفیت طاری تھی۔ وہاں سے جانے کو جی نہیں چاہتا تھا۔ اسی حالت میں قاضی صاحبؒ کو
مخاطب کر کے نہ جانے اُردو اور فارسی زبان میں کتنے شعر کہے۔ افسوس کہ وہ سب حافظہ سے محو ہو
چکے ہیں۔

عصر کے وقت اہلیہ کے پاس ہسپتال میں پہنچا تو دیکھا کہ وہ اسی طرح پڑی ہوئی ہے۔
مجھے دیکھ کر کہنے لگی آپ نے بہت دیر کر دی ہے۔ آپ کے جانے کے تین چار گھنٹے بعد میری
حالت پہلے سے قدرے بہتر ہے اب مجھے یقین ہے کہ میں انشاء اللہ ٹھیک ہو جاؤں گی۔ میں نے
فوراً وہ چادر اس پر ڈال دی اور خود بازار میں دودھ لینے کے لیے نکل پڑا۔ میں ہر روز رات کو دودھ
اور ڈبل روٹی لا کر رکھ دیتا تھا کہ شاید وہ کسی وقت مانگ لے۔ اگرچہ صبح تک وہ چیزیں یونہی پڑی
رہتیں۔ ایک دو نوالے میں لے لیتا اور باقی ڈبل روٹی اور دودھ کسی دوسرے مریض کو دے دیتا۔
میں جان بوجھ کر اِدھر اُدھر گھومتا رہا کہ اہلیہ ذرا آرام کر لے تو جاؤنگا۔ نماز مغرب کے کچھ دیر
بعد میں پہنچا تو دیکھا کہ اہلیہ چادر لئے بدستور پڑی ہے۔ تھوڑی دیر کے بعد اس نے چہرے سے
چادر ہٹائی۔ میں نے دیکھا کہ اس کا چہرہ پسینے سے شرابور ہے۔ مجھے دیکھ کر کہنے لگی کہ آپ کے
جانے کے بعد میں سو گئی تھی، خواب میں ایک بزرگ تشریف لائے تھے۔ انہوں نے اپنا ہاتھ مجھ پر
پھیرا اور کہا کہ انشاء اللہ اب تم ٹھیک ہو جاؤ گی۔ دیکھ لیں میرا بخار اُتر گیا ہے اور اب میں ٹھیک
ہوں۔ مجھے بھوک محسوس ہو رہی ہے۔ تھوڑا سا دودھ اور ڈبل روٹی دیں۔ چنانچہ اس نے ڈبل روٹی

کا ایک چیں کھایا اور تھوڑا سا دودھ پیا۔ صبح ہوئی تو اس کی حالت بہت بہتر تھی۔ جب ڈاکٹر صاحب دیکھنے کے لیئے آئے تو اسے بہتر حالت میں دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔ تھوڑی دیر میں بہت سے دوسرے ڈاکٹر صاحبان بھی کمرے میں داخل ہوئے اور ڈاکٹر صاحب کو مبارک باد دینے لگے کہ آپ کی مریضہ ٹھیک ہو گئی ہے۔ تین چار دنوں کے اندر ہی ہسپتال سے چھٹی مل گئی اور میں اہلیہ کو گھر لے آیا۔

اس حیرت انگیز واقعہ کے بعد مجھے قائل ہونا پڑا کہ واقعی دنیا میں ایسے درویش لوگ ہوئے ہیں اور اب بھی موجود ہوں گے جن سے خلق خدا کو فیض پہنچتا ہے۔

آٹھ دس ماہ پہلے مجھے میرے دفتر کے ایک ساتھی برادر عزیز راجہ محمد شریف صاحب نے بتایا کہ وہ صاحبزادہ صاحب سے نسبت رکھتے ہیں اور ان کے اخلاقِ کریمانہ کی بہت تعریف کی۔ تو میں نے یہ واقعہ ان سے عرض کیا۔ وہ اس بات سے بہت متاثر ہوئے اور فرمائش کی کہ میں یہ واقعہ اپنے الفاظ میں انہیں تحریر کر دوں۔ چنانچہ میں نے ان کی فرمائش پر یہ واقعہ تحریر کر دیا ہے۔ ورنہ اس واقعہ جیسے نہ جانے اور کتنے واقعات گزرے ہوں گے۔ کیونکہ کہ ولی اللہ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی خصوصی رحمت سے نوازا ہوتا ہے اور انہیں اپنی مخلوق کی خدمت کا فریضہ سونپا ہوتا ہے۔ وہ ہر آن مخلوقِ خدا کی بھلائی سوچتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے فیض سے مستفیض کرتے رہتے ہیں۔

☆☆☆

حضرت قاضی محمد حسنؒ کی اہلیہ محترمہ کے ہاں دوسروں کے لیئے محبت کا جذبہ بڑی شدت کے ساتھ موجود تھا۔ آپ کے ہاں دوسروں کی خیر خواہی کا جذبہ تھا۔ اخلاص کی دولت موجود تھی۔ آپ کے ہاں دوسروں کے مال و دولت، ان کی شہرت اور ان کی مادی سطح پر بلند معیارِ زندگی کو بھی اہمیت نہیں دی گئی گویا آپ کو اللہ تعالیٰ نے شانِ استغنا مرحمت فرما رکھی تھی۔ جیسا کہ پہلے بھی بتایا گیا، آپ کے ہاں ذکر اللہ کی کثرت تھی۔ جس کے نتیجے میں آپ کو تبتل الی اللہ کی کیفیت بھی

حاصل تھی۔ آپ کے ہاں تعلق باللہ دیگر ہر قسم کے تعلقات پر غالب تھا۔ آپ اپنا ہر معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دینے کی قائل تھی اور اس پر عامل تھیں۔ یہی تعلیم آپ دوسروں کو بھی دیا کرتی تھیں کہ مصائب و آلام میں مبتلاء ہو جانے کی صورت میں گھبرانے کی بجائے اللہ تعالیٰ ہی پر توکل کیا کرو کیونکہ وہ نعم الوکیل ہے، بہترین کارساز ہے۔ آپ کو صبر کی دولت بھی میسر تھی اور آپ اپنے ملنے جلنے والوں کو بھی صبر کی ترغیب دیا کرتی تھیں۔ آپ کے ہاں الصَّبْرُ فِی الْمُصِیبَۃِ بھی تھا۔ آپ کو زندگی میں دکھوں، تکلیفوں، پریشانیوں، فاقوں اور دوسروں کی جانب سے زیادتیوں کا سامنا کرنا پڑا لیکن آپ نے ہمیشہ صبر سے کام لیا اور ربِّ کریم کی رضاء کے آگے ہمیشہ ہی سرِ تسلیم خم کیا۔ آپ کو الصَّبْرُ عَنِ الْمَعْصِیَۃِ کی دولت بھی اللہ تعالیٰ نے عطاء فرما رکھی تھی وہ اس طرح کہ تقاضائے شر پر صبر کیا جائے۔ آپ نے زندگی بھر اپنے اللہ پاک کی رضاء مندی کی خاطر ہمیشہ خیر کو شر پر ترجیح دی۔ آپ کو الصَّبْرُ عَلَی الطَّاعَۃِ کی خیرات بھی ودیعت ہوئی تھی۔ آپ کا طرزِ عمل یہ تھا کہ ہر حال میں طاعات و عبادات پر مداومت تھی۔ آپ کی جانب سے ترغیب بھی یہی ہوتی تھی کہ طاعات و عبادات کا جو سلسلہ شروع کیا جائے، پھر اُسے چھوڑا نہ جائے۔ آپ کا نکتہ نظر یہ تھا کہ جب بھی کسی کی جانب سے کوئی زیادتی ہوتی ہے تو اس میں بھی ہمارا کوئی نہ کوئی نفع ہوتا ہے۔ لہٰذا ہمیں نہ تو شکوہ و شکایت کی راہ اپنانی چاہیے اور نہ ہی انتقامی کاروائیوں میں الجھنا چاہیے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ کو ھِجْرَانِ جَمِیل (یعنی خوبصورتی کے ساتھ الگ ہو جانا) جیسا پسندیدہ رویہ بھی عطاء فرما رکھا تھا۔ دراصل جسے اپنے اللہ تعالیٰ کی رفاقت مل جاتی ہے، اس کے پاس اتنا فالتو وقت ہی نہیں ہوتا کہ وہ مخلوق کے ساتھ الجھتا رہے۔ اگر کسی کی جانب سے زیادتی ہو جائے تو ایسا شخص معاملہ اپنے مولا کے سپرد کر دیا کرتا ہے۔

آپ معرفت کا ایک بے کنار سمندر اپنے سینے کے اندر لیے ہوئے تھیں۔ لیکن کمال خاموشی اور صبر و ضبط سے کام لیتی رہیں۔ جیسا کہ پہلے بھی ذکر کیا گیا، خود ظاہری دکھوں اور بیماریوں سے پُر زندگی گزارتے ہوئے بھی آپ اپنے پاس آنے والوں کو فیضان کی، رحمتوں کی،

دعاؤں کی اور سکون کی خیرات بانٹتی رہیں۔ انسانیت کی خدمت آپ کا مقصدِ زندگی تھا۔ آپ کا دن رات دوسروں کی سلامتی کے لیے دعائیں کرنا، ان کے دکھوں کی وجہ سے آپ کا اضطراب میں مبتلا ہو جانا، سارے معاملات کی درستی کے باوجود حق بندگی یوں ادا کرنا کہ عذابِ قبر اور عذابِ دوزخ کا ذکر کرتے رہنا، ان عذابوں سے بچاؤ کی تدابیر اختیار کرنے کی تلقین کرتے رہنا، ایمان پر خاتمہ کی دولت حاصل کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سوال کرتے رہنا اور دوسروں کو بھی ایسی ہی ترغیب فراہم کرتے رہنا غرضیکہ آپ کی کس کس ادا کا، کس کس صفت کا ذکر کیا جائے۔ انہی صفاتِ جمیلہ کو اپنے دامن میں سمیٹ کر آپ 23 ذی قعدہ 1419ھ بمطابق 12 مارچ 1999ء بروز بدھ بوقت نمازِ مغرب اس جہانِ فانی سے تشریف لے گئیں۔ آپ کی تدفین قاضی محمد حسنؒ کے روضہ اقدس کے برآمدے میں مشرقی جانب کوٹھل میں لائی گئی۔ آپ کی نمازِ جنازہ

حضرت عزت شاہ وارثی سے روایت ہے کہ حضرت قاضی محمد حسنؒ کے ہاں اولاد نہ تھی۔ سنگھوئی شریف سے حضرت قاضی محمد یوسفؒ آپ کو اپنے ہمراہ حضرت سلطان باھوؒ کے دربار شریف لے گئے۔ اس وقت کے سجادہ نشین حضرت امیر سلطانؒ نے دربار شریف میں آپ کو ساتھ لے جا کر دعا فرمائی۔ اللہ پاک نے یہ دعا قبول فرمائی اور شادی کے چودہ برس بعد آپؒ کے ہاں اولاد کا سلسلہ شروع ہوا۔ آپؒ کے دو بڑے بیٹے قاضی محمد عابد حسین اور قاضی محمد اشفاق حضرت سلطان باھوؒ کی اولادِ پاک میں سے حضرت حبیب سلطانؒ سے بیعت تھے۔ جب کہ حضرت کی اہلیہ محترمہ، آپ کی دونوں بیٹیاں اور آپ کے بیٹے قاضی نسیم احمد اور قاضی رئیس احمد حضرت سلطان العارفین کی اولاد ہی میں سے حضرت حافظ محمد فیض سلطانؒ سے بیعت ہیں۔ اس لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو اس گھرانے میں ایک جانب حضرت حافظ فیض سلطانؒ کی وساطت سے سلسلۂ طریقت کے حوالے سے بارگاہِ غوثیت کا فیضان چل رہا ہے تو دوسری جانب آپ کے خانوادۂ سلطان العارفینؒ کا فرد ہونے کی بنا پر حضرت سلطان باھوؒ کی بارگاہِ عالی کا خصوصی فیضان بھی چل رہا ہے۔

حضرت قاضی صاحبؒ کے سب سے چھوٹے بیٹے قاضی رئیس احمد کو حضرت حافظ محمد فیض سلطانؒ نے 4-اپریل 1983ء کو بیعت میں لیا اور پہلی ہی نشست میں خلافت بھی عطا فرما دی۔ شہزادہ غوث اعظم حضرت پیر سید محمد انور شاہ گیلانی قادری نے 14 ستمبر 2003ء کو آپ کو قادریہ رزاقیہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ، منصوریہ اور قلندریہ میں خلافت عطا فرمائی۔ بعد ازاں حافظ فیض سلطانؒ کے صاحبزادہ حضرت محمد نجیب سلطان نے بھی 25-اکتوبر، 2003ء کو سلسلہ قادریہ میں خلافت عطا فرما دی۔ حضرت فیض سلطان کا سلسلہ طریقت حضرت سید نا محمد جمال الدینؒ کی وساطت سے حضرت غوث اعظمؒ تک جا پہنچتا ہے۔

مزار مبارک حضرت غوث اعظمؒ

حضرت قاضی محمد حسن قادری رحمۃ اللہ علیہ

معلومات سال ولادت، عمر شریف اور سال وصال

سال ولادت 1906 (عیسوی)
بہ الفاظ بحساب ابجد "زینِ خورشید طریقت"

سال ولادت 1324 (ہجری)
بہ الفاظ بحساب ابجد "سطوتِ فقر و عرفانِ نبی"

عُمر شریف 77 سال (بحساب سن عیسوی)
بہ الفاظ بحساب ابجد "یادِ نبی" "اللہ ھو" "جہادِ دین"

سال وصال 1404 (ہجری)

بہ الفاظ بحساب ابجد

"مسعود شہرِ طریقت"

"عاشق خیر الانام"

"حسن و جمالِ ریاضِ صدق"

"صاحب بستانِ معرفت"

"درخشانِ محفلِ زندگی"

"قاضی محمد حسن، مردِ باآگہی"

سال وصال 1983 (عیسوی)

بہ الفاظ بحساب ابجد

"جمال سراپا فیض طریقت"

"نیرِ فیض بخش ہدا"

طارق سلطانپوری

قاضیان نامه

بہ مناسبت چاپ و نشر دو کتاب مستطاب اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف و تحفۂ قادریہ

جام می برلب بنوش از اولیای قاضیان — مست و شادان در طریق اوصیای قاضیان

